E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com...... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS — ABC Certified

فیصل آباد، کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

روزنامہ پبلک فیصل آباد

ایڈیٹرانچیف وسیم احمد

جلد 24 — سوموار 2 نومبر 2026ء / 21 جمادی الاول 1448ھ / قیمت 10 روپے — شمارہ 260

وزیراعلیٰ مریم نواز کی گلگت بلتستان کے عوام کو ڈوگرہ راج سے آزادی اور پاکستان سے الحاق کی 79 ویں سالگرہ کے موقع پر دلی مبارکباد

گلگت بلتستان پاکستان کا قیمتی حصہ اور ہماری قومی یکجہتی کی خوبصورت علامت ہے: مریم نواز

۔ اللہ تعالیٰ گلگت بلتستان سمیت پورے پاکستان کو امن، ترقی اور خوشحالی عطا فرمائے۔ گلگت بلتستان پاکستان کی خوبصورت اور شاندار تصویر ہے

آج ہم ان تمام مجاہدین، غازیوں اور شہداء کو بھی خصوصی سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے اپنی قربانیوں سے جدوجہد آزادی میں تاریخ رقم کی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے گلگت بلتستان کے عوام کو ڈوگرہ راج سے آزادی اور پاکستان سے الحاق کی 79 ویں سالگرہ کے موقع پر دلی مبارکباد دی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ یکم نومبر 1947 گلگت بلتستان کی تاریخ کا ایک اہم اور یادگار دن ہے۔ گلگت بلتستان کے عوام نے آزادی کے لیے قابل تحسین قربانیاں پیش کیں۔ یکم نومبر گلگت بلتستان کے عوام کی بہادری، عزم، حوصلے اور آزادی کی جدوجہد کی علامت ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ گلگت بلتستان کے غیور عوام کی قربانیوں اور جدوجہد کو سلام پیش کرتی ہوں۔ گلگت بلتستان پاکستان کا قیمتی حصہ اور ہماری قومی یکجہتی کی خوبصورت علامت ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ گلگت بلتستان کی ترقی، خوشحالی اور عوام کی فلاح و بہبود ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اللہ تعالیٰ گلگت بلتستان سمیت پورے پاکستان کو امن، ترقی اور خوشحالی عطا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 1)



لاہور: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے مسلم لیگ (ن) کے سینئر سیاستدان ملک سلطان محمود ہنجرا ملاقات کر رہے ہیں

پانچ سال سے کم عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں، وزیراعظم کی فوکل پرسن عائشہ رضا کی والدین سے اپیل

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کی فوکل پرسن عائشہ رضا فاروق نے والدین سے اپیل کی ہے کہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ 2 سے 8 نومبر جاری رہنے والی ملک گیر پولیو مہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں۔ مہم کے آغاز سے قبل اپنے ایک پیغام میں انہوں نے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2)

افغان طالبان رجیم کی عالمی سطح پر کوئی ساکھ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا افغان رجیم کو نارمل ریاست والا رویہ اختیار کرنے پر مجبور کرے۔

اگر طالبان رجیم دہشتگردی کے حوالے سے ہماری بات نہیں مانتا تو اسے سنگین قیمت چکانا پڑے گی: ڈی جی آئی ایس پی آر

افغان طالبان رجیم بھارت کی پراکسی ہے، بھارت پاکستان میں دہشت گردی کا سب سے بڑا اسپانسر ہے، دہشت گرد تنظیمیں ٹی ٹی پی اور بی ایل اے بھی پاکستان کے خلاف بھارتی پراکسی ہیں

روسی مداخلت کے بعد افغانستان میں متعدد ایجنسیوں اور پراکسیز نے اپنی جڑیں مضبوط کرلیں، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

راولپنڈی (این این آئی) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ اگر طالبان رجیم دہشت گردی کے حوالے سے ہماری بات نہیں مانتا تو اسے سنگین قیمت چکانا پڑے گی۔ افغان طالبان رجیم بھارت کی پراکسی ہے، بھارت پاکستان میں دہشت گردی کا سب سے بڑا اسپانسر ہے، دہشت گرد تنظیمیں ٹی ٹی پی اور بی ایل اے بھی پاکستان کے خلاف بھارتی پراکسی ہیں، روسی مداخلت کے بعد افغانستان میں متعدد ایجنسیوں اور پراکسیز نے اپنی جڑیں مضبوط کرلیں۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 6)

طبی کانفرنسز علم و تحقیق کے فروغ، تجربات کے تبادلے اور جدید طبی طریقہ علاج سے آگاہی کا اہم ذریعہ ہیں

پنجاب اور سندھ کی طرح خیبر پختونخوا میں بھی صحت کے شعبے کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کرنا ہوں گے۔ ہاؤس آفیسرز کی 70 ہزار روپے تنخواہ بہت کم ہے

صحت کے شعبے میں سرکاری و نجی اداروں کے درمیان تعاون اور بین الاقوامی طبی و تعلیمی روابط کو فروغ دے کر عالمی تجربات سے استفادہ کیا جاسکتا ہے

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ طبی کانفرنسز علم و تحقیق کے فروغ، تجربات کے تبادلے اور جدید طبی طریقہ علاج سے آگاہی کا اہم ذریعہ ہیں، طبی اداروں اور ماہرین کو جدید عالمی معیار سے ہم آہنگ ہونا ہوگا تاکہ پاکستان کے مریض بھی جدید طبی سہولیات سے مستفید ہوسکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان ایسوسی ایشن آف یورولوجیکل سرجنز کی سالانہ کانفرنس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 3)



فیصل آباد: وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کمال پور انٹرچینج ایم 4 پر توسیعی منصوبے کی بریفنگ لے رہے ہیں

گلگت بلتستان کے لوگوں کی ڈوگرہ راج سے آزادی اور پاکستان سے الحاق تاریخ کا قابل فخر باب ہے، امیر مقام

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام نے گلگت بلتستان کے غیور عوام کو 79 ویں یوم آزادی کے موقع پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ ایک منفرد اعزاز ہے کہ گلگت بلتستان کے لوگ اپنے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4)

ایران امریکا کشیدگی، پیٹرول کی قیمتوں کے تعین کے طریقہ کار تبدیل، نیا فارمولا جاری

پیٹرولیم لیوی میں ردوبدل کا فائدہ صرف پیٹرول صارفین کو منتقل کیا جائے گا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ایران امریکا کشیدگی کے تناظر میں پیٹرول کی قیمتوں کے تعین کا طریقہ کار تبدیل کردیا گیا، نئے طریقہ کار کا اطلاق آئندہ 30 روز کیلئے ہوگا۔ ذرائع کے مطابق کابینہ کی منظوری کے بعد پیٹرولیم (باقی صفحہ اندرونی نمبر 7)



فیصل آباد: وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کمال پور انٹرچینج ایم 4 پر توسیعی منصوبے کی بریفنگ لے رہے ہیں

لاہور سمیت پنجاب بھر میں سردی کا احساس ہونے لگا

لاہور میں کم سے کم درجہ حرارت 19 اور زیادہ سے زیادہ 28 ڈگری تک جانے کا امکان

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت پنجاب بھر میں درجہ حرارت کم ہونے سے سردی کا احساس ہونے لگا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق لاہور سمیت پنجاب خشک اور قدرے سرد موسم کا سلسلہ جاری ہے تاہم بارش کے امکانات (باقی صفحہ اندرونی نمبر 8)

ساہیوال، جعلی کرنسی کا کاروبار کرنے والے گروہ کا انکشاف

میڈیکل سٹور پر جعلی پانچ ہزار کا نوٹ چلاتے ایک رکن گرفتار

ساہیوال (این این آئی) میرداد معافی میں میڈیکل سٹور پر پانچ ہزار روپے کا جعلی نوٹ چلاتے ہوئے اشتیاق احمد کو گرفتار کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق محمد نعیم اختر کے میڈیکل سٹور پر میڈیسن لینے کے لیے ایک پرچی دی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 8)

فیصل آباد، پنڈی بھٹیاں 53 کلومیٹر موٹروے کی 4 سے 6 لین میں توسیع پر کام جاری

موٹروے ایم 4 سٹیٹ آف دی آرٹ، گرین بیلٹ اور ریسٹ ایریاز بنیں گے، عبدالعلیم خان

فیصل آباد میں عبدالعلیم خان کے اعزاز میں چوہدری ظہیر الدین کا استقبالیہ، پارٹی رہنماؤں کی شرکت

فیصل آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ انہوں نے فیصل آباد کے عوام کا 30 سال سے زیر التواء دیرینہ مطالبہ پورا کردیا ہے اور فیصل آباد، پنڈی بھٹیاں کی ایم 4 موٹروے کو 4 سے 6 لین میں تبدیل کرنے کے 53 کلومیٹر طویل توسیعی منصوبے پر تیزی سے کام جاری ہے، موٹروے ایم 4 کو سٹیٹ آف دی آرٹ بنایا جائے گا جہاں دونوں اطراف درخت لگانے کے ساتھ ساتھ موٹروے کے درمیان میں گرین بیلٹ اور کھجور کے پودے لگائے جائیں گے۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 11)

ساہیوال، نوسرباز ریٹائرڈ ہیڈ کلرک، بیوپاری، کاشتکار

واٹر ٹینکی، کار 43 لاکھ 35 ہزار روپے نقدی کا چونا لگا کر فرار ہوگئے

ساہیوال (این این آئی) نوسرباز ریٹائرڈ ہیڈ کلرک، بیوپاری اور کاشتکار سے 43 لاکھ 35 ہزار روپے نقدی، واٹر ٹینکی اور کار ہتھیا کر فرار ہوگئے۔ مدھالی روڈ اشفاق ولاز کالونی میں دو نوسربازوں محمد ندیم اور محمد شمعون نے ریٹائرڈ محکمہ ہائی وے کے ہیڈ کلرک محمد شریف چیمہ کی واٹر ٹینکی کرایہ مالیت 12 لاکھ روپے لے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 10)

بیرسٹر امجد ملک کے اعزاز میں شیخ سعید احمد کی جانب سے پرتکلف عشائیہ

اوورسیز پاکستانی ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، مسائل کا حل حکومت کی اولین ترجیح ہے، صوبائی وزیر

قونصل جنرل جدہ سید مصطفیٰ ربانی نے پاکستانی کمیونٹی کو قونصلیٹ کی جانب سے فراہم کی جانے والی سہولیات اور خدمات سے آگاہ کیا

جدہ (این این آئی) وائس چیئرمین اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب بیرسٹر امجد ملک کی سعودی عرب آمد کے موقع پر شیخ سعید احمد کی جانب سے ایک پرتکلف عشائیے کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں پاکستان کے قونصل جنرل جدہ سید مصطفیٰ ربانی، قونصلیٹ کے افسران، سعودی عرب کے مختلف شہروں سے پاکستانی کمیونٹی کی سرکردہ شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے میاں رضوان الحق نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور بیرسٹر امجد ملک کی اوورسیز پاکستانیوں کیلئے خدمات (باقی صفحہ اندرونی نمبر 5)

سندھ کے سلگتے مسائل پر جلد احتجاجی تحریک چلانے کا اعلان کریں گے، سندھ کی تقسیم کسی صورت قبول نہیں، عامر نواز وڑائچ

لاڑکانہ (این این آئی) کراچی بار ایسوسی ایشن کے صدر عامر نواز وڑائچ نے کہا ہے کہ سندھ کے سلگتے ہوئے مسائل کے حل کے لیے جلد احتجاجی تحریک چلانے کا اعلان کیا جائے گا، سندھ کی وحدت مقدس ہے اور اس کی تقسیم کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 12)



فیصل آباد کے دورے پر صدر استحکام پاکستان پارٹی و وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کے اعزاز میں چوہدری ظہیر الدین کا استقبالیہ

شکرگڑھ، ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ گھریلو سلنڈر کی قیمت 7 ہزار روپے تک جا پہنچی

شکرگڑھ (این این آئی) ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ گھریلو سلنڈر کی قیمت 7 ہزار روپے تک جا پہنچی ہے جس سے غریب عوام شدید پریشان ہوگئے۔ مہنگائی کے ستائے عوام نے کہا کہ چولہا جلانا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 13)

ترقی پذیر ممالک کو سستی اور بروقت مالی معاونت فراہم کی جائے

پاکستان نے عالمی مالیاتی نظام میں ترقی پذیر ممالک کی آواز موثر بنانے کیلئے جی 24 گروپ کی سربراہی سنبھال لی

محمد اورنگزیب نئے چیئرمین بن گئے، عالمی معاشی پالیسیوں میں ترقی کو مرکزی اہمیت دینے کی ضرورت ہے، وفاقی وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے عالمی مالیاتی نظام میں ترقی پذیر ممالک کی آواز موثر بنانے کے لئے جی 24 گروپ کی سربراہی سنبھال لی، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب جی 24 کے نئے چیئرمین بن گئے ہیں۔ اس موقع پر محمد اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان عالمی مالیاتی نظام میں ترقی پذیر ممالک کی مناسب نمائندگی اور منصفانہ مالیاتی نظام کے لیے آواز بلند کرے گا، عالمی معاشی پالیسیوں میں ترقی کو مرکزی اہمیت دینے کی ضرورت ہے، معاشی استحکام کے ثمرات سرمایہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 15)

چادر و چار دیواری کا تقدس پامال، چچا، چچی، بھتیجا تین شدید زخمی، ایک کی حالت نازک، مقدمہ درج، چھ گرفتار

ساہیوال (این این آئی) نواحی چک 25 چودہ ایل میں چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال کرکے ایک محنت کش سلطان محمود کے گھر پر 16 مسلح افراد کا دھاوا خواتین کی بے حرمتی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 14)

اورنگی ٹاؤن میں پولیس مقابلہ، ایک مبینہ ڈاکو ہلاک، اہلکار زخمی

ہلاک ملزم کے خلاف مختلف تھانوں میں 15 مقدمات درج تھے

ملزم متعدد بار گرفتار ہوکر جیل بھی جا چکا ہے، فرار ساتھی کی تلاش جاری ہے، پولیس حکام

کراچی (این این آئی) ویسٹ زون کے علاقے مجیب گوٹھ تھانہ اورنگی کی حدود میں پولیس اور مسلح ملزمان کے درمیان مبینہ مقابلے میں ایک ملزم ہلاک جبکہ پولیس اہلکار زخمی ہوگیا۔ فائرنگ کے تبادلے کے دوران ملزم کا ایک ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی کے مطابق مقابلے کے دوران پولیس اہلکار فرحان زخمی ہوا، جسے طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 16)

لاڑکانہ میں الیکٹرانکس کی دکان نذر آتش، لاکھوں روپے کا سامان جل کر خاکستر

نیو بس اسٹینڈ پر نامعلوم افراد نے مبینہ طور پر تالے توڑ کر دکان کو آگ لگائی

متاثرہ دکاندار کا ملزمان کی گرفتاری اور انصاف فراہم کرنے کا مطالبہ

لاڑکانہ (این این آئی) نیو بس اسٹینڈ پر واقع الیکٹرانکس کی ایک دکان کو نامعلوم افراد نے مبینہ طور پر آگ لگا کر جلا دیا، جس کے نتیجے میں دکان میں موجود تقریباً لاکھوں روپے مالیت کا قیمتی اور نیا الیکٹرانکس کا سامان جل کر خاکستر ہوگیا۔ واقعے کے خلاف متاثرہ دکاندار نے احتجاج کرتے ہوئے اعلیٰ پولیس حکام سے انصاف کی اپیل کردی۔ تفصیلات کے مطابق لاڑکانہ کے نیو بس اسٹینڈ پر واقع الیکٹرانکس (باقی صفحہ اندرونی نمبر 17)

نقاب پوش ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر سویٹ سیلز مین سے اڑھائی لاکھ روپے نقدی اور موبائل فون چھین لیا

احمد یار (این این آئی) نقاب پوش ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر سویٹ سیلز مین سے اڑھائی لاکھ روپے نقدی اور موبائل فون چھین لیا۔ تفصیلات کے مطابق قبولہ روڈ پر بادشاہ سویٹ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 18)



فیصل آباد کے دورے پر صدر استحکام پاکستان پارٹی و وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کے اعزاز میں چوہدری ظہیر الدین کا استقبالیہ

ایس آئی سی وی ڈی ٹنڈو محمد خان میں دل کی دھڑکن کی بے ترتیبی کے جدید علاج کا آغاز، الیکٹروفزیالوجی خدمات کا افتتاح

کراچی / ٹنڈو محمد خان (این این آئی) سندھ انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیو ویسکولر ڈیزیز (ایس آئی سی وی ڈی) نے اپنے ٹنڈو محمد خان مرکز میں جدید کارڈیک الیکٹروفزیالوجی (ای پی) خدمات کا آغاز کرتے ہوئے توسیع شدہ طبی سہولیات کا افتتاح کردیا۔

عالمی منڈی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم ہوتے ہی عوام کو ریلیف فراہم کیا جائیگا

توانائی کے استعمال میں معمولی احتیاط بھی قیمتی زرمبادلہ کی بچت کا ذریعہ بن سکتی ہے، ایران امریکا کشیدگی سے عالمی منڈی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں متاثر ہوئیں

عالمی منڈی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم ہوتے ہی عوام کو بھی فوری ریلیف فراہم کیا جائے گا، علی پرویز ملک کا خطاب


اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے موسم سرما میں توانائی کے غیر ضروری استعمال سے گریز اور بچت کو فروغ دینے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ توانائی کے استعمال میں معمولی احتیاط بھی قیمتی زرمبادلہ کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 19)

ایف سی بلوچستان نارتھ میں ہزارہ قبیلے کے نوجوانوں کے لیے سنہری موقع

اپنے ملک کی خدمت، عزت اور فخر کے ساتھ کیریئر بنانے کا موقع حاصل کریں

ہزارہ برادری کے لوگوں کو صرف اور صرف کوئٹہ، پشین، مسلم باغ اور گردونواح میں تعینات کیا جائے گا

فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) میں آن لائن بھرتی کی جائے گی جس کے لیے رابطہ ویب سائیٹ www.fcblnn.com.pk پر اپلائی کرسکتے ہیں



بھرتی شیڈول و مقامات برائے ریکروٹ کورس-71

فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) میں ہزارہ قبیلے کے لوگوں کے لیے کوئٹہ میں مندرجہ ذیل مقامات پر بھرتی ہوگی

مری آباد (فائرنگ رینج) کوئٹہ — 10 تا 14 نومبر 2026

ہیڈ کوارٹر 74 ونگ ہزارہ ٹاؤن کوئٹہ — 15 تا 18 نومبر 2026

نوٹ

ہزارہ قبیلے سے تعلق رکھنے والے لوگ کسی بھی ایف سی کی یونٹ یا ونگ میں 10 تا 18 نومبر 2026 تک اپلائی کرسکتے ہیں

سہولیات

- پرکشش تنخواہ پاکستان آرمی کے برابر
- کارکردگی کی بنیاد پر اقوام متحدہ کے ساتھ سروس کے مواقع
- شہداء کے بچوں کے لیے مفت تعلیم اور رہائش کے لیے گھر
- مفت رہائش اور کھانا
- دوران سروس آپ کے بیوی اور بچوں کا مفت علاج
- اندرون ملک بذریعہ ریلوے سفر کرنے کی صورت میں نصف کرایہ کی سہولت

معیار برائے بھرتی

اسامی	تعلیم		عمر کی حد		قد	
	نان لوکل	لوکل بلوچ	نان لوکل	لوکل بلوچ	نان لوکل	لوکل بلوچ
جنرل ڈیوٹی	میٹرک	مڈل پاس	18 سے 23 سال	18 سے 26 سال	5 فٹ 6 انچ	5 فٹ 3 انچ
کیمپ کلرک	ایف اے / آئی سی ایس					

نوٹ

- لواحقین شہداء صرف بیٹا اور بھائی کے لیے عمر میں 2 سال اور قد میں 2 انچ کی رعایت۔ لواحقین شہداء ایف آر سی فارم اور پنشن بک ہمراہ لائیں۔
- وہ حضرات جن کی عمر 18 سال سے زائد ہے ان کا فارم ب (اکیلا) قابل قبول نہیں ہوگا بلکہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ لازمی ہے۔
- 20 نومبر 2026 کو عمر حد درجہ بالا دی گئی حد سے زیادہ نہ ہو۔
- بھرتی کے لیے تشریف لاتے وقت جوگرز / پی ٹی شوز ساتھ لازمی لائیں۔
- تمام اصل تعلیمی اسناد، شناختی کارڈ، ڈومیسائل، تمام اسناد کی تصدیق شدہ فوٹو کاپیاں اور چار عدد فوٹو (سفید بیک گراؤنڈ) ہمراہ لائیں۔
- جعلی تعلیمی اسناد پیش کرنے والے کو حوالہ پولیس کیا جائے گا۔
- دوران بھرتی موبائل فون ممنوع ہے۔ پکڑے جانے کی صورت میں امیدوار عمل (فوری) نااہل قرار دیا جائے گا۔
- کسی بھی گورنمنٹ ادارے سے خراب چال چلن کی وجہ سے نکالے گئے امیدوار نااہل ہوں گے۔
- تمام تقرریاں (فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ)) کے مقرر کردہ قوانین و موجودہ طریقہ کار کے مطابق خالصتاً میرٹ کی بنیاد پر ہوں گی۔

رہنمائی اور معلومات کے لیے رابطہ کریں

ٹیلیفون نمبر 0819203285

کال اور واٹس ایپ نمبر 0312-0605905

ای میل rectcellfcn@gmail.com

PID(Q)1146/26

CamScanner

Daily **PUBLIC** Faisalabad

روزنامہ پبلک فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول امین پور بازار سے چھپوا کر پلاٹ نمبر P-289 بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ سمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

اگر طالبان رجیم دہشت گردی کے حوالے سے ہماری بات نہیں مانتا تو اسے سنگین قیمت چکانا پڑیگی

ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ اگر طالبان رجیم دہشت گردی کے حوالے سے ہماری بات نہیں مانتا تو اسے سنگین قیمت چکانا پڑیگی، افغان طالبان رجیم بھارت کی پراکسی ہے، بھارت پاکستان میں دہشت گردی کا سب سے بڑا اسپانسر ہے، دہشت گرد تنظیمیں ٹی ٹی پی اور بی ایل اے بھی پاکستان کے خلاف بھارتی پراکسی ہیں، روسی مداخلت کے بعد افغانستان میں متعدد ایجنسیوں اور پراکسیز نے اپنی جڑیں مضبوط کرلیں۔ برطانوی خبر رساں ایجنسی رائٹرز کو دیے گئے انٹرویو میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ افغان طالبان رجیم بھارت کی پراکسی ہے۔ افغانستان کو اب بھی غیر ریاستی عناصر چلا رہے ہیں، یہ ایک رجیم ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد تنظیمیں ٹی ٹی پی اور بی ایل اے بھی پاکستان کے خلاف بھارتی پراکسی ہیں۔ بھارت پاکستان میں دہشت گردی کا سب سے بڑا اسپانسر ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ افغان طالبان اپنے مذموم مقاصد کے لیے غیر ریاستی عناصر اور کرائے کے جنگجو استعمال کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ روسی مداخلت کے بعد افغانستان میں متعدد ایجنسیز اور پراکسیز نے اپنی جڑیں مضبوط کرلیں۔ انہوں نے کہا کہ جیش العدل، القاعدہ، آئی ایس کے پی جیسی بین الاقوامی دہشتگرد تنظیمیں بھی افغانستان میں موجود ہیں۔ اس بات کی نشاندہی اقوام متحدہ اور امریکا کے علاوہ کئی ممالک کر چکے ہیں۔ ترجمان پاک افواج نے کہا کہ پاکستان افغان طالبان سے صرف یہ کہتا ہے کہ وہ پاکستان کے اندر دہشتگردوں کی حمایت کرنا بند کرے۔ افغان طالبان رجیم نے نور ولی خارجی، بشیر زیب اور گل بہادر جیسے دہشتگردوں کو پناہ دے رکھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں دہشتگردی کیلئے تشکیلیں افغانستان سے آتی ہیں، وہیں سے انہیں اسلحہ ملتا ہے، اگر طالبان رجیم دہشتگردی کے حوالے سے ہماری بات نہیں مانتا تو اسے سنگین قیمت چکانا پڑے گی۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ افغان طالبان رجیم کی عالمی سطح پر کوئی ساکھ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا افغان رجیم کو نارمل ریاست والا رویہ اختیار کرنے پر مجبور کرے۔

تعلیم اور گورننس میں اصلاحات وزیراعظم کی ترجیحات
مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹلائزیشن سے قومی ترقی کی نئی راہیں

تجزیہ۔ راجا محمد الیاس کیانی

پاکستان کی معاشی ترقی، انتظامی بہتری اور جدید دنیا کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہونے کے لیے مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹلائزیشن اور جدید ٹیکنالوجی کا مؤثر استعمال وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے۔ دنیا کی ترقی یافتہ معیشتیں ڈیجیٹل نظام، خودکار ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت اور اعداد و شمار کے جدید تجزیے کو بروئے کار لا کر نہ صرف اپنی پیداواری صلاحیت میں اضافہ کر رہی ہیں بلکہ تجارت، زراعت، صنعت، صحت، تعلیم اور سرکاری خدمات کے شعبوں میں بھی نمایاں تبدیلیاں لا رہی ہیں۔ پاکستان کے لیے بھی ضروری ہے کہ وہ روایتی طریقہ ہائے کار سے آگے بڑھتے ہوئے ایسی حکمت عملی اختیار کرے جو قومی وسائل کے بہتر استعمال، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ، برآمدات میں اضافے اور عوام کو معیاری سہولیات کی فراہمی کا ذریعہ بنے۔

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے معیشت اور طرز حکمرانی میں مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹلائزیشن کے فروغ کے حوالے سے واضح کیا ہے کہ ملکی ترقی کا راز جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال میں مضمر ہے۔ حکومت پاکستان اور معروف عالمی تجارتی ادارے علی بابا گروپ کے درمیان تعاون کو عملی نتائج میں تبدیل کرنے کے لیے وزیراعظم کی ہدایات اس امر کی عکاس ہیں کہ پاکستان اپنی معیشت کو جدید خطوط پر استوار کرنے، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کو عالمی منڈیوں تک رسائی دینے اور سرکاری نظام میں شفافیت و کارکردگی بہتر بنانے کے لیے نئے امکانات سے فائدہ اٹھانا چاہتا ہے۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کو قومی ترقی کی حکمت عملی کا بنیادی حصہ بنانے سے پاکستان کے لیے معاشی استحکام، روزگار کے نئے مواقع، کاروباری وسعت اور عوامی خدمات میں بہتری کی راہیں کھل سکتی ہیں۔ تاہم ان امکانات کو حقیقت بنانے کے لیے ضروری ہے کہ اعلانات کے ساتھ عملی اقدامات، واضح اہداف، مقررہ مدت، مؤثر نگرانی اور قابل پیمائش نتائج کو بھی یقینی بنایا جائے۔ وزیراعظم کی جانب سے متعلقہ وزارتوں کو نومبر تک ضروری اقدامات مکمل کر کے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت اسی ضرورت کی اہمیت اجاگر کرتی ہے۔

حکومت اور علی بابا کے درمیان اسٹریٹجک تعاون کا ایک اہم پہلو پاکستان کی زرعی پیداوار اور مقامی مصنوعات کو عالمی منڈیوں تک پہنچانا ہے۔ پاکستان ایک زرعی ملک ہے جہاں زراعت نہ صرف دیہی معیشت کا بنیادی ستون ہے بلکہ خوراک کی فراہمی، روزگار اور برآمدات کے لیے بھی غیر معمولی اہمیت رکھتی ہے۔ اس کے باوجود جدید زرعی ٹیکنالوجی کے محدود استعمال، پیداوار کے اخراجات، پانی کے مؤثر استعمال کے مسائل، فصلوں کے بعد ہونے والے نقصانات، معیار کی یکسانیت اور عالمی منڈیوں تک براہ راست رسائی کی کمی جیسے مسائل اس شعبے کی مکمل صلاحیت سے فائدہ اٹھانے میں رکاوٹ بنتے ہیں۔ مصنوعی ذہانت پر مبنی زرعی ماڈلز، خودکار نظام اور ڈیجیٹل تجارتی پلیٹ فارم ان مسائل کے حل میں مددگار ثابت ہو سکتے ہیں۔ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے زمین کی کیفیت، پانی کی ضرورت، موسمی حالات، فصلوں کی نشوونما اور ممکنہ بیماریوں سے متعلق معلومات کا تجزیہ کر کے کاشت کاروں کو بروقت رہنمائی فراہم کی جا سکتی ہے۔ اس سے وسائل کے ضیاع میں کمی، پیداوار کے معیار میں بہتری اور کاشت کاری کے اخراجات پر قابو پانے میں مدد مل سکتی ہے۔

وزیراعظم کی جانب سے علی بابا کے تعاون سے پاکستانی زرعی اجناس کی چینی منڈیوں میں برآمدات کے فروغ کو خوش آئند قرار دینا بھی اسی تناظر میں اہمیت رکھتا ہے۔ چین ایک بڑی تجارتی منڈی ہے جہاں معیاری زرعی مصنوعات کے لیے امکانات موجود ہیں۔ پاکستان کے لیے ضروری ہے کہ وہ ان امکانات سے فائدہ اٹھانے کے لیے پیداوار کے معیار، خوراک کی حفاظت، پیکنگ، ترسیل اور عالمی تجارتی ضوابط پر خصوصی توجہ دے۔ محض مصنوعات کی دستیابی کافی نہیں ہوتی بلکہ برآمدی منڈی میں مستقل جگہ بنانے کے لیے معیار اور بروقت فراہمی کو یقینی بنانا بھی ضروری ہے۔

پاکستانی ترش پھلوں، زیتون اور دیگر زرعی مصنوعات کی برآمدات کے لیے ڈیجیٹل پلیٹ فارم کی تیاری اس سلسلے میں ایک مثبت پیش رفت ہے۔ اگر کاشت کاروں، برآمد کنندگان اور بین الاقوامی خریداروں کو ایک مؤثر نظام کے ذریعے منسلک کیا جائے تو مقامی پیداوار کی طلب بڑھ جانے اور کسانوں کو بہتر قیمت دلانے میں مدد مل سکتی ہے۔ اسی طرح علی بابا کے تجارتی پلیٹ فارم پر پاکستانی مصنوعات کے لیے خصوصی ویب سائٹ اور پاکستان پویلین کا قیام مقامی کاروباروں کو عالمی خریداروں کے سامنے متعارف کرانے کا ذریعہ بن سکتا ہے۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق پاکستان کی برآمدات میں پائیدار اضافہ اسی وقت ممکن ہوگا جب روایتی تجارتی طریقوں کے ساتھ ڈیجیٹل ذرائع کو بھی مؤثر انداز میں استعمال کیا جائے۔ چھوٹے کاروباروں اور مقامی صنعت کاروں کو عالمی خریداروں تک رسائی ملنے سے برآمدی سرگرمیوں کا دائرہ وسیع ہو سکتا ہے۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ کاروباری افراد کو آن لائن تجارت، مصنوعات کی تشہیر، ڈیجیٹل ادائیگیوں، بین الاقوامی ترسیل اور خریداروں کے ساتھ رابطے کے جدید طریقوں سے بھی آگاہ کیا جائے۔ حکومت کی جانب سے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کے لیے علی بابا کے اشتراک سے دو سالہ پروگرام شروع کرنے کا منصوبہ بھی قابل توجہ ہے۔ پاکستان میں یہ کاروبار روزگار کی فراہمی، مقامی پیداوار، خدمات اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، لیکن مالی وسائل کی کمی، جدید ٹیکنالوجی تک محدود رسائی، تربیت کے فقدان اور عالمی منڈیوں سے رابطوں کی مشکلات کے باعث اکثر اپنی مکمل صلاحیت استعمال نہیں کر پاتے۔ اگر ان کاروباروں کو ڈیجیٹل تجارت، جدید انتظامی طریقوں، مصنوعات کے معیار، مارکیٹنگ اور برآمدی تقاضوں کے حوالے سے عملی تربیت فراہم کی جائے تو وہ مقامی منڈیوں سے آگے بڑھ کر بین الاقوامی تجارت کا حصہ بن سکتے ہیں۔

پٹرولیم لیوی میں کمی، عوامی ریلیف اور سیاسی تدبر کی اہمیت

ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی، محدود معاشی وسائل اور عام آدمی کی مشکلات کے تناظر میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں ایک ایسا حساس معاملہ بن چکی ہیں جس کے اثرات زندگی کے تقریباً ہر شعبے تک پہنچتے ہیں۔ پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے سے نہ صرف ذاتی آمدورفت اور ذرائع نقل و حمل کے اخراجات بڑھتے ہیں بلکہ اشیائے ضروریہ کی ترسیل، زرعی پیداوار، صنعتی سرگرمیوں اور کاروباری لاگت پر بھی براہ راست اثر پڑتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پٹرولیم مصنوعات پر عائد محصولات اور لیوی میں کمی کا مطالبہ محض کسی ایک سیاسی جماعت کا موقف نہیں بلکہ عوام کے ایک بڑے طبقے کی معاشی پریشانیوں کی ترجمانی کرتا ہے۔ اس تناظر میں وفاقی حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان پٹرولیم لیوی کے معاملے پر چھ رکنی مشترکہ کمیٹی کے قیام پر اتفاق ایک اہم پیش رفت ہے، جس سے عوامی مشکلات کے حل کے لیے مذاکرات اور مفاہمت کی نئی راہیں کھلنے کی توقع کی جا سکتی ہے۔

وزیراعظم شہباز شریف سے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان کی قیادت میں وفد کی ملاقات کے دوران یہ اتفاق ہوا کہ حکومت اور جماعت اسلامی کے نمائندوں پر مشتمل مشترکہ کمیٹی پٹرولیم مصنوعات کے حوالے سے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے مختلف امکانات کا جائزہ لے گی۔ کمیٹی کی بنیادی ذمہ داریوں میں پٹرول پر جاری ریلیف سکیم کا دائرہ کار بڑھانے اور پٹرولیم لیوی میں مرحلہ وار کمی کے لیے قابل عمل تجاویز تیار کرنا شامل ہے۔ اس مقصد کے لیے حکومت کی جانب سے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال اور وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ جبکہ جماعت اسلامی کی طرف سے لیاقت بلوچ، سید فراست شاہ، نصر اللہ رندھاوا اور عنایت اللہ کو نامزد کیا گیا ہے۔ اس

تجزیہ بی این پی

مشترکہ کوشش کا اصل امتحان یہ ہوگا کہ کمیٹی اپنی سفارشات میں عوام کی فوری ضروریات اور ملکی معیشت کی حقیقی صورت حال کے درمیان ایسا توازن قائم کرے، جس سے عام شہری کو عملی فائدہ پہنچ سکے۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق، حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان مذاکرات کا راستہ اختیار کرنا سیاسی پختگی اور جمہوری رویوں کی ایک مثبت مثال ہے۔ جمہوریت کا حسن محض اختلاف رائے، سیاسی مقابلے اور احتجاج میں نہیں بلکہ اس صلاحیت میں بھی پوشیدہ ہے کہ مختلف سیاسی جماعتیں قومی اہمیت کے معاملات پر اپنے اختلافات کے باوجود ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھیں، دلائل سنیں اور قابل عمل حل تلاش کریں۔ سیاسی اختلافات جمہوری نظام کا لازمی حصہ ہیں، لیکن جب اختلافات کو قومی مسائل کے حل میں رکاوٹ بننے سے روک کر مکالمے کے ذریعے آگے بڑھایا جائے تو اس سے ریاستی اداروں، سیاسی جماعتوں اور عوام کے درمیان اعتماد کو تقویت ملتی ہے۔ پٹرولیم لیوی جیسے معاملے پر مشترکہ کمیٹی کا قیام اسی اصول کی عملی صورت ہے۔

پاکستان کی سیاسی تاریخ اس حقیقت کی گواہ ہے کہ احتجاجی سیاست کے بعض مواقع پر معمولات زندگی بری طرح متاثر ہوئے، کاروباری سرگرمیوں کو نقصان پہنچا اور عوام کو ایسی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا جن کا براہ راست تعلق ان کے بنیادی معاشی مسائل سے تھا۔ احتجاج کرنا آئینی اور جمہوری حق ہے اور حکومتوں کو عوامی شکایات سننے اور ان کے ازالے کے لیے سنجیدہ اقدامات کرنے چاہئیں، لیکن اس حق کے استعمال کے ساتھ یہ ذمہ داری بھی وابستہ ہے کہ قومی معیشت اور شہریوں کے روزمرہ معمولات کو حتی الامکان نقصان سے محفوظ رکھا جائے۔ دوسری طرف حکومتوں کے لیے بھی ضروری ہے کہ وہ احتجاج کی نوبت آنے سے پہلے عوامی مسائل کو سمجھیں، سیاسی جماعتوں کے تحفظات سنیں اور ان کے حل کے لیے مؤثر مکالمے کا راستہ اختیار کریں۔

اس حوالے سے وفاقی حکومت اور جماعت اسلامی کی ملاقات ایک ایسے وقت میں ہوئی ہے جب ملک کو معاشی استحکام برقرار رکھنے، قرضوں کی ادائیگی، مالیاتی نظم و ضبط اور بین الاقوامی مالیاتی اداروں کے ساتھ کیے گئے وعدوں پر عمل درآمد جیسے متعدد چیلنجوں کا سامنا ہے۔ ان حالات میں کسی بھی بڑے احتجاج، طویل ہڑتال یا پہیہ جام کی صورت حال سے معیشت پر اضافی دباؤ پڑنے کا خدشہ موجود رہتا ہے۔ تاہم اس حقیقت کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کہ عوام کی مشکلات مسلسل بڑھتی رہیں اور انہیں ریلیف فراہم کرنے کے لیے مؤثر اقدامات نہ کیے جائیں تو معاشی بے چینی میں اضافہ ہو سکتا ہے۔

اس لیے حکومت کے لیے ضروری ہے کہ وہ مالیاتی استحکام اور عوامی فلاح کو ایک دوسرے کے متضاد مقاصد سمجھنے کے بجائے دونوں کے درمیان قابل عمل ہم آہنگی پیدا کرے۔

عزمِ نو، استحکامِ وطن اور یکجہتی کا مینی فیسٹو: ملک گیر "یک جہتی انصار کنونشن"

پاکستان کی سیاسی و سماجی تاریخ میں بعض لمحات ایسے ہوتے ہیں جو آنے والے دور کی سمت کا تعین کرتے ہیں۔ 6 نومبر 2026 کا دن پاکستان تحریک انصار کے سفر میں ایک ایسے ہی تاریخی سنگ میل کی حیثیت سے درج ہونے جا رہا ہے۔ پاکستان کے تیسرے بڑے صنعتی شہر اور دھڑکتے ہوئے دل، فیصل آباد کے پریس کلب میں منعقد ہونے والا یہ "ملک گیر یک جہتی انصار کنونشن" محض ایک اجتماع نہیں، بلکہ ملک میں حقیقی تبدیلی، برادری کی فلاح، اور مظلوم و محروم طبقات کی آواز بننے کا ایک واضح اعلامیہ ہے۔

اس عظیم الشان کنونشن کا انعقاد ایک ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب قوم کو اتحاد، یکجہتی اور مخلصانہ قیادت کی اشد ضرورت ہے۔ اس کٹھن سفر میں پاکستان تحریک انصار کے بانی اور کاروانِ عزم کے روحِ رواں، جناب کامران انصاری صاحب (مرکزی چیئرمین) اور ان کے شانہ بشانہ متحرک و مخلص رہنما، جناب ریاض عطار انصاری صاحب (مرکزی جنرل سیکرٹری) کی مدبرانہ قیادت ہمارے لیے مشعلِ راہ ہے۔ جناب کامران انصاری صاحب کی وژنری سوچ اور جناب ریاض عطار انصاری صاحب کی انتھک تنظیمی صلاحیتوں نے تحریک کو ملک کے طول و عرض میں ایک منظم قوت بنا دیا ہے۔ جملہ مرکزی قائدین کی دن رات کی محنت اور اخلاص کا نتیجہ ہے کہ آج انصار برادری اور پاکستان کا غیور طبقہ ایک پلیٹ فارم پر متحد ہو رہا ہے۔

روشنیوں کے شہر اور پاکستان کے معاشی مرکز، کراچی سے تعلق رکھنے والے ایک ادنیٰ کارکن کی حیثیت سے، اور صوبہ سندھ کی غیور



تحریر: زین انصاری) جنرل سیکرٹری، پاکستان تحریکِ انصار، صوبہ سندھ (

عوام و پاکستان تحریکِ انصار سندھ کے تمام عہدیداران کی جانب سے، میں اپنے قائدین جناب کامران انصاری صاحب، جناب ریاض عطار انصاری صاحب اور تمام مرکزی قیادت کو اس تاریخی کنونشن کے انعقاد پر بھرپور خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں اور ان کے جذبوں کو سلام پیش کرتا ہوں۔ کراچی کے سمندر کے ساحلوں سے لے کر سندھ کے دور دراز گوٹھوں تک، آپ کی سرپرستی نے ہمارے حوصلوں کو وہ جلا بخشی ہے جس کے اثرات اب پنجاب کے صنعتی شہروں تک نمایاں ہیں۔

اس کنونشن کے دور رس نتائج پاکستان کی سیاست اور انصار برادری کے مستقبل پر انتہائی گہرے اور مثبت مرتب ہوں گے:

*ملک گیر یکجہتی کا فروغ: یہ کنونشن چاروں صوبوں، بشمول کراچی و سندھ، پنجاب، خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے انصار اور محب وطن پاکستانیوں کے درمیان رابطے کا ایک مضبوط پل ثابت ہوگا، جس سے صوبائی عصبیتوں کا خاتمہ اور قومی یکجہتی کو فروغ ملے گا۔

*سیاسی و سماجی شعور کی بیداری: فیصل آباد پریس کلب کی سرزمین سے اٹھنے والی یہ آواز ملک کے ایوانوں تک پہنچے گی اور یہ ثابت کرے گی کہ اب فیصلے بند کمروں میں نہیں، بلکہ عوام کی حقیقی امنگوں کے مطابق ہوں گے۔

*حقوق کی بحالی کا عزم: یہ کنونشن انصار برادری اور تمام پسماندہ طبقات کو ان کا جائز مقام دلوانے، معاشی استحکام فراہم کرنے اور معاشرتی انصاف قائم کرنے کے لیے ایک مضبوط لائحہ عمل فراہم کرے گا۔

*نئے عزم و توانائی کا ابھار: اس اجتماع سے نکلنے والا پیغام ہر کارکن کے اندر ایک نیا ولولہ پیدا کرے گا، جس سے تحریک کے تنظیمی ڈھانچے کو نچلی سطح (Grassroots) تک مزید وسعت ملے گی۔

فیصل آباد کا یہ "یک جہتی انصار کنونشن" ان شاء اللہ کامیابی کی نئی تاریخ رقم کرے گا۔ کراچی کی بیدار مغز عوام اور صوبہ سندھ کا بچہ بچہ اپنے قائدین کے شانہ بشانہ کھڑا ہے اور ہم اس عزم کا اعادہ کرتے ہیں کہ جناب کامران انصاری اور جناب ریاض عطار انصاری کی سرپرستی میں ہم ملک کے کونے کونے تک تحریک کا پیغام پہنچا کر دم لیں گے۔ یہ کنونشن روشن، مستحکم اور خوشحال پاکستان کی بنیاد بنے گا۔

پاکستان تحریکِ انصار۔۔۔ زندہ باد!



[illegible]



جھنگ/فیصل آباد: خانقاہ معہد الفقیر الاسلامی العالمی جھنگ میں تیسویں سالانہ نقشبندی اجتماع میں جانشین حضرت جی صاحبزادہ پیر حبیب اللہ احمد نقشبندی سمیت۔ معروف بزرگ پیر محمد شاہ جانشین مرشد عالم پیر عبدالقدوس نقشبندی، پیر حافظ سیف اللہ احمد نقشبندی اور دیگر خطاب کر رہے ہیں

ینگ ٹریڈرز کی تقریب، سرکاری افسران کو تعریفی شیلڈز پیش
نئے عہدیداران کو نوٹیفکیشن اور ممبران میں کارڈز تقسیم کیے گئے

فیصل آباد (پ ر) انجمن تاجران ینگ ٹریڈرز کے زیر اہتمام صدر حمزہ خالد شیخ کی صدارت میں ڈاکٹر حبیب الرحمٰن ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز اور میاں ناصر یعقوب سپیشل مجسٹریٹ پرائس کنٹرول کو ان کی خدمات کے اعتراف میں تعریفی شیلڈز دینے اور نئے ممبران کو نوٹیفکیشن دینے کے سلسلہ میں تقریب کا اہتمام کیا گیا تقریب کے مہمان خصوصی انجمن تاجران سٹی رجسٹرڈ الائیڈ گروپ کے صدر چوہدری پرویز اقبال کوکا، جنرل سیکرٹری میاں تنویر ریاض تھے میزبان حمزہ خالد شیخ نے مہمانوں اور ممبران کو ینگ ٹریڈرز کی سابق تین ماہ اور آنے والے تین ماہ کیلئے اپنے لائحہ عمل سے آگاہ کیا

جھنگ میں تیسواں سالانہ نقشبندی اجتماع اختتام پذیر، ہزاروں افراد کی شرکت
علمائے کرام کی اصلاحِ نفس، محبتِ الٰہی اور امن و خوشحالی کی تلقین

جھنگ/فیصل آباد (پ ر) خانقاہ معہد الفقیر الاسلامی العالمی جھنگ میں تیسویں سالانہ نقشبندی اجتماع میں معروف ہزاروں سالکین و عاشقین الٰہی کی شرکت پر تمام شرکائے اجتماع کا دل کی اتھاہ گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا۔ اجتماع سے ملک کے معروف صوفیائے کرام اور مشائخ عظام نے خطاب کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی محبت، نبی اکرم ﷺ کی سنت کے مطابق زندگی گزارنے، توبہ و استغفار اور اعمال کی اصلاح کی تلقین کی۔ مقررین نے کہا کہ پاکستان سمیت دنیا میں معاشی استحکام اور امن کے قیام کے لیے ضروری ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کے احکامات پر عمل اور نبی کریم ﷺ کے اسوہ حسنہ کو اپنی زندگیوں میں اپنائیں۔

کراچی پورٹ پر کھاد اور گندم سے لدے دو بحری جہازوں کی بیک وقت ہینڈلنگ

وزارت بحری امور جہازوں کے بندرگاہ پر قیام کے دورانیے میں کمی، پورٹ مینجمنٹ کو بہتر بنانے اور بحری بنیادی ڈھانچے کو مضبوط کرنے کے لیے اصلاحات پر کام کر رہی ہے

ضروری درآمدی اشیا کی بروقت ہینڈلنگ زرعی پیداوار کے فروغ اور غذائی تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے اہم ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد / کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ کراچی پورٹ ٹرسٹ (کے پی ٹی) نے کھاد اور گندم لے کر آنے والے دو غیر ملکی بلک کیریئرز کو بیک وقت برتھ فراہم کر کے مجموعی طور پر ایک لاکھ ایک ہزار ٹن ضروری اشیائے درآمد کی ہینڈلنگ کی ہے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وفاقی وزیر نے اس آپریشن میں حصہ لینے والے کے پی ٹی کے انجینئرز، پورٹ آپریٹرز، پائلٹس، ٹرمینل آپریٹرز اور ڈاک ورکرز کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ضروری درآمدی اشیا کی بروقت ہینڈلنگ زرعی پیداوار کے فروغ اور غذائی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے اہم ہے۔ کے پی ٹی کے مطابق دونوں بحری جہاز ایم وی ژونگ چانگ 538 اور ایم وی گوکووا ایم کراچی گیٹ وے ٹرمینل ملٹی پرپز (کے جی ٹی ایم ایل) پر لنگر انداز ہوئے۔

بجلی اور گیس کی قیمتوں میں کمی کے بغیر مہنگائی کم نہیں ہوسکتی
مہنگے بلوں سے صنعتیں بند اور عوام پریشان ہیں، چوہدری خادم حسین

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر فیصل آباد کے ڈویژنل صدر چوہدری خادم حسین نے کہا کہ ضروریات زندگی کی ہر چیز مہنگی ہے۔ بجلی اور گیس کی قیمتوں میں کمی نہیں ہو رہی تو مہنگائی کہاں سے کم ہوگی ن لیگی حکومت کہتی ہے مہنگائی کم ہو گی۔ اس وقت عوام پر سب سے بڑا بوجھ پاکستان پر بیوروکریسی کے اخراجات اور منہ زور اشرافیہ سمیت حکمران ہیں، چند لوگ اس ملک کو کھا رہے ہیں حکومتی پالیسیوں اور بے لگام مہنگائی کی وجہ سے ملک کا کسان کنگال اور محنت کش مزدور، عام آدمی بدحال ہو چکا ہے خدا جانے حکومتی درباری وزراء کی باتیں سمجھ میں نہیں آتی یہ اعداد و شمار کہاں سے لیتے ہیں

اصول وضابطے کے بغیر ایک گھر نہیں چل سکتا، انسانی معاشرہ کیسے چلے گا، امیر عبدالقدیر اعوان
اسلام میں انسانی مزاج کی خوبصورتی کی تعلیم فرمائی گئی ہے۔ نبی کریم ﷺ نے اسلامی تعلیمات خود اختیار فرمائیں

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) انسانی معاشرے کو چلانے کے لیے جو اسلام نے اصول اور ضابطے دیے ہیں وہ صرف صاحب ایمان کے لیے نہیں بلکہ تمام مخلوق کی بھلائی کے لیے ہیں۔ ان اصولوں سے ایسا مثبت اور متحرک کردار عطا ہوتا ہے جو معاشرے میں مخلوق کی بھلائی کا سبب بنتا ہے۔ اگر ان اصولوں کو انسانی معاشرے میں اپنایا جائے تو معاشرے میں بہتری کیوں نہیں آئے گی۔ امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ کا امریکہ، ہالینڈ مورفاطمہ مسجد میں جمعۃ المبارک کے روز خطاب۔ انہوں نے کہا کہ اسلام میں انسانی مزاج کی خوبصورتی کی تعلیم فرمائی گئی ہے۔



فیصل آباد۔ امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ و سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان ایک بڑے اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں۔



[illegible]

بہاولنگر میں الخدمت میڈیکل اینڈ ڈائیگناسٹک سینٹر کا افتتاح
الخدمت کا عزم عوام کو ان کے قریب معیاری طبی سہولیات فراہم کرنا ہے

بہاولنگر (این این آئی) الخدمت فاؤنڈیشن ساؤتھ پنجاب کے زیر اہتمام الخدمت میڈیکل اینڈ ڈائیگناسٹک سینٹر بہاولنگر کا افتتاح کر دیا گیا۔ تقریب ایک مقامی ریسٹورنٹ، چشتیاں روڈ بہاولنگر میں منعقد ہوئی۔ منصوبے کے ڈونر محمد جمیل مشرف نے سینٹر کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ تقریب میں الخدمت فاؤنڈیشن کے مرکزی و مقامی ذمہ داران، طبی و سماجی شخصیات اور معزز مہمانوں نے شرکت کی۔

شرح سود کو 12 فیصد کرنا معاشی سرگرمیوں کیلئے زہر قاتل
مجیب الرحمان، طاہر ایوب

کاروباری اور صنعتی حلقوں کو توقع تھی کہ شرح سود میں کمی کر کے اسے سنگل ڈیجٹ میں لایا جائے گا
اسٹیٹ بینک کی جانب سے پالیسی ریٹ کو 12 فیصد کرنے کے فیصلہ کاروباری حلقوں کیلئے مایوس کن ہے، شیخ مشتاق

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) جماعت اسلامی کے راہنماؤں پروفیسر محبوب الزماں بٹ، میاں طاہر ایوب، شیخ محمد مشتاق نے اسٹیٹ بینک کی طرف سے شرح سود کو 11.50 سے بڑھا کر 12 فیصد کرنے کے فیصلہ کو ملکی معاشی سرگرمیوں کیلئے زہر قاتل قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ کاروباری اور صنعتی حلقوں کو توقع تھی کہ شرح سود میں کمی کر کے اسے سنگل ڈیجٹ میں لایا جائے گا

اشتہار زیر آرڈر 5 رول 20 ضابطہ دیوانی پاکستان

بعدالت قاضی دشت کھڈان بمقام تربت

اجرائی درخواست نمبر 10 / 2026

انسپکٹر جنرل آف فرنٹیئر کرو پس ساؤتھ تربت بذریعہ محمد زاہد شاہ ولد داؤد شاہ ......(مدعی)

بنام

میسر تنذر (PVT) لمیٹڈ گروپ بذریعہ (1) احسان قادر ولد غلام قادر (2) کامران قادر ولد غلام قادر سکنہ آفس نمبر 15 فورتھ فلور 24 سیوک سنٹر، شاہ ارکیڈ نیو گارڈن ٹاؤن لاہور ہاؤس نمبر 240 بلاک (B) سٹلائیٹ ٹاؤن سرگودہ ...... (مدعا علیہم)

دعویٰ: عمل درآمد اجرائی درخواست مصدرہ 07 اگست 2026

اشتہار بنام مدعا علیہم میسر تنذر (PVT) لمیٹڈ گروپ بذریعہ (1) احسان قادر ولد غلام قادر (2) کامران قادر ولد غلام قادر سکنہ آفس نمبر 15 فورتھ فلور 24 سیوک سنٹر، شاہ ارکیڈ نیو گارڈن ٹاؤن لاہور ہاؤس نمبر 240 بلاک (B) سٹلائیٹ ٹاؤن سرگودہ

عنوان بالا تحریر ہے کہ مدعی نے عنوان بالا اجرائی درخواست آپ مدعا علیہم کے خلاف عدالت ہذا میں دائر کی ہے۔ آپ مدعا علیہم کے نام عدالت ہذا سے متعدد بار سمنات جاری ہوئے ہیں۔ لیکن حسب ضابطہ عدالتی سمنات آپ مدعا علیہم پر تعمیل نہیں ہو رہے ہیں یا کہ آپ مدعا علیہم عدالتی سمنات کی تعمیل سے گریزاں یا روپوش ہو۔

اس لئے اشتہار ہذا کے ذریعے آپ مدعا علیہم کو حکم دیا جاتا ہے کہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 12-11-2026 جو کہ آپ مدعا علیہم کی حاضری کیلئے مقرر ہے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر جواب دہی کرو۔ بصورت دیگر آپ مدعا علیہم کے خلاف یکطرفہ کاروائی عمل میں لا کر حسب ضابطہ مقدمہ کا فیصلہ صادر کیا جائیگا۔

آج بتاریخ 27-10-2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

PID (Q) 148 / 26

قاضی دشت کھڈان بمقام تربت

بعدالت جناب عاصمہ سعید صاحبہ جج فیملی کورٹ لاہور

دعویٰ نان ونفقہ وغیرہ

عنوان: [illegible]

اشتہار اخبار بنام: [illegible] سکنہ مکان نمبر 25 محلہ [illegible] 45-G.T روڈ، [illegible] لاہور۔

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو سمن کے بارے میں گریزاں ہیں کہ ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 11.11.2026 وقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب یمنہ کامران صاحبہ جج فیملی کورٹ لاہور

درخواست زیر دفعہ سیکشن 7 اینڈ 25 [illegible]

عنوان: [illegible] مکان نمبر 120 [illegible]

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو سمن کے بارے میں گریزاں ہیں کہ ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 11.11.2026 وقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب آمنہ آصف بٹ صاحبہ جج گارڈین کورٹ لاہور

درخواست زیر دفعہ سیکشن 7 گارڈین اینڈ وارڈز ایکٹ 1890 وغیرہ

عنوان: [illegible]

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو سمن کے بارے میں گریزاں ہیں کہ ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 14.11.2026 وقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب یمنہ کامران صاحبہ جج فیملی کورٹ لاہور

عنوان: [illegible] Parh [illegible]

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو سمن کے بارے میں گریزاں ہیں کہ ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 13.11.2026 وقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب یمنہ کامران صاحبہ جج فیملی کورٹ لاہور

دعویٰ خرچہ نان ونفقہ وغیرہ

عنوان: [illegible] مکان نمبر 02 گلی نمبر 06 [illegible]

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو سمن کے بارے میں گریزاں ہیں کہ ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 13.11.2026 وقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بقیہ نمبر 1

فرمائے۔ گلگت بلتستان پاکستان کی خوبصورت اور شاندار تصویر ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ گلگت بلتستان کے بہادر عوام ملک وقوم کا فخر ہیں۔ گلگت بلتستان کی بے مثال روایات اور شاندار ثقافت سیاحوں کے لئے دلچسپی اور دلکشی کا باعث ہیں۔ آج کا دن ہمارے مشترکہ قومی عزم، بہادری اور جرأت کا مظہر ہے۔ آج ہم ان تمام مجاہدین، غازیوں اور شہداء کو بھی خصوصی سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے اپنی قربانیوں سے جدوجہد آزادی میں تاریخ رقم کی۔

بقیہ نمبر 2

کہا کہ پولیو کا خاتمہ ایک قومی ذمہ داری اور حکومت پاکستان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بچوں کی صحت اور بہبود کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک بیماری ہے جو عمر بھر کے لیے معذوری کا سبب بن سکتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگرچہ اس بیماری کا کوئی علاج نہیں ہے لیکن ویکسینیشن (قطرے پلانے) کے ذریعے بچوں کو اس سے محفوظ رکھا جا سکتا ہے، یہ مہم ملک بھر کے 97 منتخب اضلاع میں چلائی جائے گی جس کے دوران تقریباً 2 کروڑ 40 لاکھ (24 ملین) بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ عائشہ رضا فاروق نے والدین سے کہا کہ پولیو ورکرز کی ٹیموں کے ساتھ مکمل تعاون کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ مہم کے دوران ان کے بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے ضرور پلائے جائیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پولیو وائرس سے مکمل تحفظ فراہم کرنے کے لیے ہر مہم کے دوران بچوں کو ویکسین پلانا انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ رواں سال اب تک ملک میں پولیو کے 7 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں جن میں سے زیادہ تر کا تعلق خیبر پختونخوا سے ہے۔ حکومت کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان سے پولیو وائرس کے مکمل خاتمے تک کوششیں جاری رہیں گی۔

بقیہ نمبر 3

کہا کہ خیبر پختونخوا کے ضم شدہ اضلاع، جنوبی اضلاع اور دور افتادہ علاقوں میں معیاری اور خصوصی طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا ضروری ہے، معیاری علاج صرف بڑے شہروں تک محدود نہیں رہنا چاہیے بلکہ ہر شہری کو یکساں طبی سہولیات تک رسائی حاصل ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ صحت کے بنیادی ڈھانچے کی بہتری، جدید طبی آلات کی فراہمی، ڈاکٹروں کی تربیت اور طبی تحقیق کے فروغ پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ پاکستان ایسوسی ایشن آف یورولوجیکل سرجنز جیسی پیشہ ورانہ تنظیمیں ڈاکٹروں کی استعداد کار بڑھانے، نوجوان طبی ماہرین کی تربیت اور سرکاری ہسپتالوں کے ساتھ اشتراک کے ذریعے نظام صحت کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ گورنر نے طبی شعبے سے وابستہ افراد کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹرز مشکل حالات میں بھی انسانی جانیں بچانے اور دکھی انسانیت کی خدمت کے لیے اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں، طبی ماہرین کے پیشہ ورانہ وقار کا تحفظ اور انہیں ضروری وسائل و سہولیات کی فراہمی ہماری ذمہ داری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صحت کے شعبے میں سرکاری و نجی اداروں کے درمیان تعاون اور بین الاقوامی طبی و تعلیمی روابط کو فروغ دے کر عالمی تجربات سے استفادہ کیا جا سکتا ہے۔ گورنر نے کہا کہ کانفرنس میں ہونے والی علمی و تحقیقی گفتگو اور تجربات کا تبادلہ صحت کے شعبے میں عملی بہتری کا ذریعہ بنے گا۔ انہوں نے پروفیسر ڈاکٹر لیاقت اور آرگنائزنگ کمیٹی کو کامیاب کانفرنس کے انعقاد پر مبارکباد بھی پیش کی۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ وفاق ہمیں کچھ نہیں دے رہا، اب یہ سلسلہ بند ہونا چاہیے، پنجاب اور سندھ کی طرح خیبر پختونخوا میں بھی صحت کے شعبے کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کرنا ہوں گے۔ ہاؤس آفیسرز کی 70 ہزار روپے تنخواہ بہت کم ہے، اس معاملے پر نظر ثانی کریں گے۔ گورنر نے کہا کہ سابقہ حکومت کے اچھے اقدامات کو برقرار رکھا جائے گا اور صحت کے شعبے میں موجود کمی کو پورا کرنے کے لیے اقدامات کریں گے۔ ہماری نوجوان نسل ہمارا مستقبل ہے، اسے سپورٹ کرنا ہوگا، نوجوانوں کی مدد اور رہنمائی کے بغیر ہم آگے نہیں بڑھ سکتے۔ گورنر نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت نے صوبے میں کوئی نیا ہسپتال تعمیر نہیں کیا، اب ہمیں صحت کے شعبے میں بہتری کے لیے عملی اقدامات کرنا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں سرمایہ کاروں کو مستحکم اور سازگار ماحول فراہم کرنا ضروری ہے، صوبے میں سرمایہ کاری کے لیے آنے والوں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کریں گے تاکہ سرمایہ کاری کو فروغ ملے اور صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہو۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ ہمیں ایک بدلتے، نکھرتے اور مضبوط خیبر پختونخوا کی جانب بڑھنا ہے، جس کے لیے تمام شعبوں میں مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی۔

بقیہ نمبر 4

وطن کی آزادی کا دن دو بار مناتے ہیں، ایک 14 اگست اور دوسرا یکم نومبر کو، اس دن کو گلگت بلتستان کی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل سمجھا جاتا ہے، جب گلگت بلتستان کے لوگوں نے اپنی آزادی حاصل کی اور پاکستان کے ساتھ شامل ہوئے۔ یہاں جاری بیان کے مطابق گلگت بلتستان کے غیور عوام کو یوم آزادی کے موقع پر تہنیتی پیغام میں انجینئر امیر مقام نے کہا کہ ڈوگرہ راج سے آزادی اور پاکستان سے الحاق تاریخ کا قابل فخر باب ہے، گلگت بلتستان کے عوام قومی یکجہتی اور ملکی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، ہم اپنی مسلح افواج کا شکریہ ادا کرتے ہیں، افواج پاکستان ہماری سرحدوں اور خودمختاری کی حفاظت کرتے ہیں۔ انجینئر امیر مقام نے کہا کہ اس دن میں افواج پاکستان کو سلام پیش کرتا ہوں، جب بھی ہمارے دشمن نے اپنے ناپاک عزائم کا مظاہرہ کرتے ہوئے سرحدوں پر جارحیت کرنے کی کوشش کی ہمارے بہادر افواج نے عبرت ناک شکست دے کر دشمن کے عزائم خاک میں ملائے۔ انجینئر امیر مقام نے کہا کہ وفاقی حکومت گلگت بلتستان کی تعمیر و ترقی کو اولین ترجیح دیتی ہے، گلگت بلتستان سی پیک کے حوالے سے اہم خطہ ہے۔ انجینئر امیر مقام نے کہا کہ نوجوان اس خطے کا مستقبل ہیں، پاکستان مسلم لیگ (ن) نے اپنے ادوار میں گلگت بلتستان میں ریکارڈ ترقیاتی کام کروائے ہیں، موجودہ وفاقی حکومت گلگت بلتستان کی حکومت کے ساتھ مل کر علاقے کی تعمیر و ترقی کیلئے اپنی بھرپور کوشش جاری رکھے گی۔ انجینئر امیر مقام نے کہا کہ یہ خطہ سیاحت کے حوالے سے پوری دنیا میں اعلیٰ مقام رکھتا ہے، ہم سب مل کر گلگت بلتستان اور پاکستان کی ترقی کیلئے ایک ہو کر ترقی کے منازل طے کریں گے۔

بقیہ نمبر 5

پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ پاکستان کے قونصل جنرل جدہ سید مصطفیٰ ربانی نے اپنے خطاب میں پاکستانی کمیونٹی کو قونصلیٹ کی جانب سے فراہم کی جانے والی سہولیات اور خدمات سے آگاہ کیا۔

بقیہ نمبر 6

برطانوی خبر رساں ایجنسی رائٹرز کو دیے گئے انٹرویو میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ افغان طالبان رجیم بھارت کی پراکسی ہے۔ افغانستان کو اب بھی غیر ریاستی عناصر چلا رہے ہیں، یہ ایک رجیم ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد تنظیمیں ٹی ٹی پی اور بی ایل اے بھی پاکستان کے خلاف بھارتی پراکسی ہیں۔ بھارت پاکستان میں دہشت گردی کا سب سے بڑا اسپانسر ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ افغان طالبان اپنے مذموم مقاصد کے لیے غیر ریاستی عناصر اور کرائے کے جنگجو استعمال کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ روسی مداخلت کے بعد افغانستان میں متعدد ایجنسیز اور پراکسیز نے اپنی جڑیں مضبوط کر لیں۔ انہوں نے کہا کہ جیش العدل، القاعدہ، آئی ایس کے پی جیسی بین الاقوامی دہشتگرد تنظیمیں بھی افغانستان میں موجود ہیں۔ اس بات کی نشاندہی اقوام متحدہ اور امریکا کے علاوہ کئی ممالک کر چکے ہیں۔ ترجمان پاک افواج نے کہا کہ پاکستان افغان طالبان سے صرف یہ کہتا ہے کہ وہ پاکستان کے اندر دہشتگردوں کی حمایت کرنا بند کرے۔ افغان طالبان رجیم نے نور ولی خارجی، بشیر زیب اور گل بہادر جیسے دہشتگردوں کو پناہ دے رکھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں دہشتگردی کیلئے تشکیلیں افغانستان سے آتی ہیں، وہیں سے انہیں اسلحہ ملتا ہے، اگر طالبان رجیم دہشتگردی کے حوالے سے ہماری بات نہیں مانتا تو اسے سنگین قیمت چکانا پڑے گی۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ افغان طالبان رجیم کی عالمی سطح پر کوئی ساکھ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا افغان رجیم کو نارمل ریاست والا رویہ اختیار کرنے پر مجبور کرے، بین الاقوامی برادری افغان طالبان کو مجبور کرے کہ وہ منشیات کی کاشت اور پیداوار روکے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ پاک افواج افغانستان رجیم کے تمام خطرات بشمول ڈرونز کا سدباب کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں۔

بقیہ نمبر 7

ڈویژن نے ریفائنریز کو نیا فارمولا جاری کر دیا۔ پیٹرول کی درآمدی قیمت کا تعین پی ایس او کے اصل درآمدی کارگو کی لاگت پر ہوگا جبکہ اصل درآمدی لاگت دستیاب نہ ہونے پر آخری کارگو کا پریمیم اور اضافی اخراجات استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔ آئل ریفائنریز آئندہ 30 روز تک پیٹرول کی ایکس ریفائنری قیمت 7 مارچ 2026 کی سطح پر مقرر کر سکیں گی۔ ریفائنریز کو پریمیم، اضافی اخراجات اور کسٹمز ڈیوٹی 7 مارچ 2026 کی سطح پر رکھنے کی اجازت ہوگی۔ ذرائع کے مطابق درآمدی قیمت اور ایکس ریفائنری قیمت کا فرق ریفائنریز کو پیٹرولیم لیوی کی مد میں جمع کرانا ہوگا۔ پیٹرولیم لیوی میں ردوبدل کا فائدہ صرف پیٹرول صارفین کو منتقل کیا جائے گا، پیٹرولیم لیوی میں حاصل ہونے والا فائدہ پیٹرول کی قیمت میں کمی کی صورت میں صارفین کو ملے گا۔ نجی ٹی وی کے مطابق پیٹرولیم ڈویژن نے تمام آئل ریفائنریز کو باضابطہ خطوط ارسال کر دیے۔ ریفائنریز کو پیٹرول کی روزانہ فروخت کی تفصیلات پیٹرولیم ڈویژن اور اوگرا کو فراہم کرنے کی ہدایت کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق روزانہ فروخت کی رپورٹس کے ساتھ سی پی آرز اور چالان بھی جمع کروانا ہوں گے، اوگرا اور پیٹرولیم ڈویژن اضافی لیوی کی ادائیگیوں اور حسابات کی تصدیق کریں گے۔ نئے طریقہ کار کا اطلاق آئندہ 30 روز کے لیے ہوگا۔ نومبر میں پاکستان آنے والے پیٹرول کارگوز پر درآمدی پریمیم 28 سے 35 ڈالر فی بیرل تک پہنچنے کا امکان ہے جبکہ اس وقت پیٹرول کی قیمتوں میں 19.88 ڈالر فی بیرل پریمیم شامل ہے۔ مقامی ریفائنریز کے لیے پریمیم اضافی اخراجات اور کسٹمز ڈیوٹی 7 مارچ 2026 کی جنگ سے قبل کی سطح پر برقرار رکھی جائے گی۔

بقیہ نمبر 8

کم ہیں، دن کی نسبت راتیں زیادہ خنکی ہونے لگی ہیں۔ لاہور میں کم سے کم درجہ حرارت 19 اور زیادہ سے زیادہ 28 ڈگری تک جانے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ دو تین روز تک بارش کا امکان نہیں البتہ موسم خشک اور سرد رہے گا۔

بقیہ نمبر 9

اور ادویات خرید کر جعلی پانچ ہزار کا نوٹ دیا جو الیکٹرک مشین میں چیکنگ کے دوران بوگس پایا گیا، جس پر دوکاندار نے 15 پر کال کر دی تو پولیس آگئی پولیس نے ملزم اشتیاق احمد ولد عبدالرزاق کھوکھر سکنہ دروغہ والا لاہور کو گرفتار کر لیا ملزم کے قبضہ سے دو جعلی نوٹ پانچ پانچ ہزار روپے کے برآمد کر لیے ملزم نے دوران تفتیش انکشاف کیا کہ وہ جعلی کرنسی کے دھندہ کے سلسلہ میں موٹر سائیکل پر لاہور سے میر داد معافی آیا تھا۔ پولیس بڑپ نے محمد نعیم اختر دوکاندار کی مدعیت میں مقدمہ 489 بی، ت پ درج کر لیا ہے اور ملزم کو حوالات میں بند کر دیا ہے۔ پولیس نے جعلی کرنسی کا دھندہ کرنے والوں کے خلاف تفتیش کا دائرہ بڑھا دیا ہے اور دیگر ملزموں کی گرفتاری کے لیے پولیس کی ایک ٹیم لاہور روانہ کر دی ہے۔

بقیہ نمبر 10

کر فرار ہو گئے بعد میں اپنے موبائل فون بھی بند کر لیے۔ کچہری بلسیو چک میں محمد طاہر اصغر بیوپاری کو اسکے دوست صفدر علی نے آئیڈیل بکری پرانے کے چک 73 جا آر سے بلوایا اور اسکی کار نمبر 6972 ایل ایف ایس مالیت 30 لاکھ روپے اسلام آباد شادی میں جانے کے بہانے ہتھیالی اور پراسرار طور پر لاپتہ ہو گئے۔ اڈہ کسووال پر چک 119 سات ڈی آر کے غلام صابر کاشت کار بینک کے اے ٹی ایم پر آیا اور اے ٹی ایم سے نقدی دس ہزار روپے نکالے تو دو نوسر بازوں نے گھیر لیا اسکے دس ہزار روپے بھی چوری کر لیے اور دھوکہ سے اے ٹی ایم لے کر مزید ایک لاکھ 25 ہزار روپے نقدی نکال کر رفو چکر ہو گئے، پولیس فرید ٹاؤن اور کسووال نے محمد شریف چیمہ، محمد طاہر اصغر اور غلام صابر کی مدعیت میں تین مقدمات 379،420 ت پ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے اور دو نوسر بازوں کو گرفتار کر لیا۔

بقیہ نمبر 11

پنڈی بھٹیاں سے فیصل آباد سفر کرنے والوں کے لیے ریسٹ ایریاز بھی بنیں گے، موٹر وے ایم 4 کی بروقت تکمیل یقینی بنا کر فیصل آباد کے عوام کو نئے سال کے آغاز پر جدید موٹر وے کا تحفہ دیں گے۔

بقیہ نمبر 12

معاملے پر کسی قسم کی سودے بازی یا سمجھوتہ قبول نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ اس وقت سنگین مسائل اور مشکلات سے دوچار ہے، لیکن حکومت مہنگائی اور دیگر بحرانوں پر قابو پانے کے بجائے عوام کی توجہ اصل مسائل سے ہٹانے کی کوشش کر رہی ہے۔ لاڑکانہ بار ایسوسی ایشن کے دورے کے موقع پر وکلا برادری سے اظہار یکجہتی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عامر نواز وڑائچ نے کہا کہ گھریلو استعمال کی ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف احتجاجی ریلی نکال کر حکومت سے مطالبہ کیا گیا تھا کہ گیس سرکاری مقررہ نرخوں پر فروخت کی جائے تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے اور ان میں پائی جانے والی بے چینی کا خاتمہ ہو، تاہم حکومت تا حال قیمتیں واپس لینے میں ناکام رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دوسری جانب پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بھی آسمان سے باتیں کر رہی ہیں، جس کے باعث عام شہری شدید معاشی مشکلات اور پریشانی کا شکار ہیں، لیکن حکومت کو عوام کی مشکلات کا احساس نہیں۔ مہنگائی نے پہلے ہی لوگوں کی زندگی اجیرن بنا رکھی ہے اور ضروریات زندگی کی قیمتوں میں اضافے نے عوام کی مشکلات مزید بڑھا دی ہیں۔ کراچی بار ایسوسی ایشن کے صدر نے جمہوری نظام کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ جمہوریت خواہ کتنی ہی کمزور یا خامیوں کا شکار کیوں نہ ہو، پھر بھی یہ عوام کے حق میں ہے۔ جمہوری نظام کو ختم کر کے منی مارشل لا جیسا طرز عمل اختیار کرنا کسی صورت ملک اور عوام کے مفاد میں نہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج ختم کر کے جمہوری عمل بحال کیا جائے۔ مولانا فضل الرحمن اور حکومت کے درمیان کشیدگی سے متعلق سوال پر عامر نواز وڑائچ نے کہا کہ جب بھی کوئی شخص آزادانہ طور پر اپنی رائے کا اظہار کرتا ہے تو حکومتی حلقوں کی جانب سے اس کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی جاتی ہیں اور اسے حاصل مراعات واپس لینے جیسے اقدامات کیے جاتے ہیں۔ ان کے بقول حکومت نے مولانا فضل الرحمن کے معاملے کو ذاتی مسئلہ بنا لیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس سے قبل علامہ ساجد نقوی کے ساتھ بھی اسی نوعیت کا رویہ اختیار کیا گیا اور مبینہ طور پر انتقامی کارروائی کے تحت ان کے گھر کو مسمار کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ حکومتی ہدایات کے مطابق چلتے ہیں، ان سے بڑی سے بڑی غلطی بھی ہو جائے تو ان کے خلاف کارروائی نہیں ہوتی، جبکہ حکومتی دباؤ قبول نہ کرنے اور آزادانہ رائے کا اظہار کرنے والوں کو کارروائیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ عامر نواز وڑائچ نے خبردار کیا کہ حکومت کا اس طرز عمل ملک کے معاشی استحکام کو داؤ پر لگانے کے مترادف ہے، جس سے پاکستان کی ساکھ بھی متاثر ہو سکتی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ ملک کو مزید بحرانوں سے بچانے کے لیے نفرتوں کا خاتمہ، برداشت اور رواداری کا فروغ اور حکومت و مخالف فریقین کے درمیان جمہوری مکالمے کی فضا بحال کرنا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسائل کا حل محاذ آرائی اور انتقامی کارروائیوں میں نہیں بلکہ سیاسی برداشت، باہمی احترام اور جمہوری اصولوں پر عمل درآمد میں ہے۔

بقیہ نمبر 13

مشکل ہو گیا ہے۔ شہریوں نے کہا کہ اگر حکمران بصیرت سے کام لیتے تو آج حالات مختلف ہوتے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی عدم توجہی سے مافیا من مانے نرخ وصول کر رہا ہے۔ عوامی حلقوں نے وزیراعظم سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ ایل پی جی کی قیمتوں میں کمی نہ ہوئی تو احتجاج کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 14

چچا بھتیجے سمیت تین شدید زخمی ہو گئے، مقدمہ درج کر کے چھ گرفتار کر لیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق اسی چک کے سلطان محمود اپنے گھر پر صبح آٹھ بجے موجود تھے کہ کلہاڑیوں آہنی راڈز اور پھاوڑا سے مسلح 16 افراد نذیر، جمشید، محمد صدیق، یوسف، منظر، وجاہد، ساجد، یونس، عمر سلطان، شبیر حسین، شبیر دلبر، عابد حسین، شہباز، دانش، سہو اور دو نا معلوم ملزم چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال کرتے ہوئے گھر میں داخل ہو گئے مزاحمت پر پھاوڑے مار کر محنت کش کے بھائی عبدالمجید اور اسکے بھتیجے شوال کو سر میں پھاوڑے مار کر شدید زخمی کر دیا خواتین چھڑوانے کے لیے آگے بڑھیں تو ملزموں نے تشدد کا نشانہ بنایا اور عبدالمجید کی بیوی کوثر پروین بے ہوش ہو گئی، تو ملزم نعرے بازی کرتے ہوئے فرار ہو گئے۔ زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا جہاں شوال کی حالت نازک ہے۔ پولیس شاہ کوٹ نے سلطان محمود کی مدعیت میں مقدمہ 337 اے ٹو، 337 ایل ٹو، 354، 149، 148 ت پ درج کر کے تفتیش شروع کر دی اور چھ ملزموں کو گرفتار کر لیا۔

بقیہ نمبر 15

کاری، روزگار اور عوامی خوشحالی کی صورت میں سامنے آنے چاہئیں۔ وزیر خزانہ نے عالمی مالیاتی اداروں میں ترقی پذیر ممالک کی نمائندگی بڑھانے اور تمام ممالک کو فیصلہ سازی میں مناسب حصہ دینے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ترقی پذیر ممالک کو سستی اور بروقت مالی معاونت فراہم کی جائے، قرضوں کے مسائل کا پائیدار حل نکالا جائے اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے اقدامات کیے جائیں۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان جی 24 کی سربراہی میں آئی ایم ایف اور عالمی بینک کے ساتھ مل کر کام کرے گا، ترقی پذیر ممالک میں سرکاری اور نجی سرمایہ کاری بڑھانے کیساتھ معاشی اصلاحات اور پائیدار ترقی کے لیے مالی وسائل کی فراہمی بھی ترجیحات میں شامل ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ جی 24 کی کامیابی کا اصل پیمانہ ترقی پذیر ممالک کے عوام کی زندگیوں میں بہتری لانا ہے، پاکستان ترقی پذیر ممالک کی اجتماعی آواز کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کرے گا۔

بقیہ نمبر 16

گیا۔ پولیس کی جوابی کارروائی میں ایک ملزم ہلاک ہو گیا، جس کی شناخت بلال ولد پیر محمد کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق ہلاک ملزم کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ بمعہ ایمونیشن، چھینا ہوا موبائل فونز اور نقد رقم برآمد کی گئی ہے۔ واقعے کے بعد ضابطے کی کارروائی شروع کر دی گئی ہے، جبکہ فرار ہونے والے دوسرے ملزم کی گرفتاری کے لیے چھاپے اور دیگر کارروائیاں جاری ہیں۔ ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی کے مطابق ہلاک ملزم کا سابقہ کرمنل ریکارڈ بھی حاصل کر لیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ بلال عادی جرائم پیشہ اور مختلف مقدمات میں 15 سے زائد مرتبہ گرفتار ہو کر جیل جا چکا تھا۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق ہلاک ملزم کے خلاف سال 2020 سے 2024 کے دوران کراچی کے مختلف تھانوں میں چوری، ڈکیتی، اسلحہ ایکٹ، قتل اور پولیس پر حملے سمیت مختلف الزامات کے تحت مقدمات درج تھے۔ ریکارڈ میں شامل مقدمات میں تھانہ پاپوش نگر میں مقدمہ نمبر 03/2020 اور 232/2022، تھانہ نارتھ ناظم آباد میں مقدمہ نمبر 06/2020، 124/2020، 19/2022 اور 594/2022، تھانہ شاہراہ نور جہاں میں مقدمہ نمبر 696/2020، 375/2024 اور 376/2024 شامل ہیں۔ اسی طرح تھانہ نارتھ رضویہ میں مقدمہ نمبر 570/2021، تھانہ تیموریہ میں مقدمہ نمبر 70/2022، تھانہ رضویہ میں مقدمہ نمبر 620/2022 جبکہ تھانہ ساحل میں مقدمہ نمبر 25/2024 اور 26/2024 بھی ہلاک ملزم کے خلاف درج مقدمات کی فہرست میں شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق فرار ملزم کی گرفتاری کے لیے کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 17

کی دکان کے تالے توڑ کر نامعلوم افراد نے مبینہ طور پر دکان کو آگ لگا دی، جس کے باعث اندر موجود لاکھوں روپے مالیت کا سامان مکمل طور پر تباہ ہو گیا۔ متاثرہ دکاندار مہر دل عمرانی نے احتجاج کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ دکان میں تقریباً 15 لاکھ روپے مالیت کا الیکٹرانکس کا نیا سامان موجود تھا، جو آگ لگنے کے باعث جل کر راکھ ہو گیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ دکان ان کے بچوں کی کفالت اور خاندان کے روزگار کا واحد ذریعہ تھی، تاہم نامعلوم افراد نے آگ لگا کر ان سے روزگار کا واحد سہارا بھی چھین لیا۔ مہر دل عمرانی نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکان کی تباہی سے ان کا پورا خاندان شدید معاشی مشکلات سے دوچار ہو گیا ہے اور بچوں کی کفالت کا مسئلہ پیدا ہو گیا ہے۔ انہوں نے حکام سے اپیل کی کہ ان کی دادرسی کی جائے تاکہ وہ دوبارہ اپنے خاندان کا روزگار بحال کر سکیں۔ متاثرہ دکاندار نے آئی جی سندھ، ڈی آئی جی لاڑکانہ رینج اور ایس ایس پی لاڑکانہ سے مطالبہ کیا کہ واقعے کا فوری نوٹس لیا جائے، دکان کو آگ لگانے میں ملوث نامعلوم ملزمان کی شناخت کر کے انہیں گرفتار کیا جائے، ان کے مالی نقصان کا ازالہ کرایا جائے اور انہیں انصاف فراہم کیا جائے۔ انہوں نے اعلیٰ حکام سے اپیل کی کہ ایک غریب محنت کش کے روزگار اور بچوں کے مستقبل کو تباہ کرنے والے عناصر کے خلاف فوری قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ نمبر 18

کے سیلز مین عمر شفیق اپنی ساتھی کے ہمراہ موٹر سائیکل رکشہ پر ریکوری کر کے واپس شہر آ رہے تھے کہ دو نقاب پوش موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں نے اسلحہ کی نوک پر 2 لاکھ 50 ہزار روپے نقدی اور موبائل فون چھین لیا ڈاکو جائے وقوعہ سے فرار ہو گئے تھانہ سٹی پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ نمبر 19

بچت کا ذریعہ بن سکتی ہے، ایران امریکا کشیدگی سے عالمی منڈی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں متاثر ہوئیں، عالمی منڈی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم ہوتے ہی عوام کو بھی فوری ریلیف فراہم کیا جائے گا۔ اتوار کو نجی یونیورسٹی کے کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ مقبول فیصلوں کے بجائے ملکی زر مبادلہ کے تحفظ کو ترجیح دی، پیٹرولیم قیمتوں میں اضافے کے اثرات کم کرنے کے لیے ٹارگٹڈ سبسڈی فراہم کی، ہم نے اپنے وسائل ان لوگوں پر مرکوز کر کے انہیں محفوظ رکھا جو اس کے سب سے زیادہ مستحق تھے، اور آبنائے ہرمز کے بحران کا دیگر ممالک کے مقابلے میں کم نقصان کے ساتھ سامنا کیا، 12 سے 13 ملین مستحق افراد کو جنگ سے پہلے کی قیمتوں پر سبسڈائزڈ پیٹرول فراہم کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 6 ماہ کے دوران آبنائے ہرمز کی صورتحال نے سب کو متاثر کیا ہے۔ مختلف ممالک کو اپنی معیشتیں چلانے کیلئے مہنگے تیل، گیس، ایل پی جی اور دیگر ایندھن کی خریداری کے لیے قیمتی زر مبادلہ کے حصول میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، جبکہ عوام کو بھی اپنے خاندانوں کے حوالے سے مشکل فیصلے کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز کا بحران اپنی شدت اور وسعت کے اعتبار سے غیر معمولی رہا ہے اور اس کے مسلسل جاری رہنے سے مختلف ممالک کی استعداد آزمائش سے گزری ہے۔ علی پرویز ملک نے کہا کہ الحمدللہ پاکستان نے وہ معاشی استحکام برقرار رکھا ہے جس کے حصول کے لیے سب نے محنت کی۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں ایندھن کی قیمتوں کے تعین کے طریقہ کار میں شفافیت لائی گئی ہے اور تمام تفصیلات عوام کے سامنے رکھی جا رہی ہیں تاکہ عالمی منڈی میں قیمتوں میں بہتری آنے پر اس کا فائدہ خود بخود عوام کے گھروں تک پہنچ سکے۔

بقیہ نمبر 20

کارکردگی ایک سوالیہ نشان ہے حکومت میں ہوتے ہوئے پی ٹی آئی نے مخالفین کے خلاف سازشیں اور جھوٹے مقدمات بنائے جبکہ اپوزیشن میں ہوتے ہوئے سڑکوں پر تماشے لگانے کے علاوہ کچھ نہیں کیا۔

بقیہ نمبر 21

روپے کا چیک مبشر حسین چانڈ کو پیش کیا۔ اس موقع پر اساتذہ اور خانہ بدوش طلبہ وطالبات بھی موجود تھے۔ مبشر حسین چانڈ نے اس موقع پر کہا ہے کہ ہم روٹری کلب آف لائلپور کے بہت شکرگزار ہیں۔ روٹری کلب آف لائلپور کے بورڈ آف گورنر نے جو امداد دینے کا وعدہ کیا تھا صدر جنید محمود بیگ کی قیادت میں وفد سے آج ان سے دو لاکھ روپے چیک کی صورت میں وصول کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ یہ سلسلہ یہاں ختم نہیں ہونے والا بلکہ فیصل آباد ڈویژن میں جتنے بھی خانہ بدوش ہیں ان کو علم و ہنر سے آراستہ کر کے قومی دھارے میں شامل کریں گے۔ ہم روٹری کلب آف لائلپور کے تہہ دل سے مشکور ہیں۔

بقیہ نمبر 22

ہدایات جاری کیں۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ بچوں کے علاج معالجے کے لیے فوری طور پر وینٹی لیٹرز فراہم کیے جائیں اور ہسپتال کو درکار دیگر ضروری طبی آلات کی فراہمی بھی یقینی بنائی جائے تاکہ مریضوں کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی میں کوئی رکاوٹ پیش نہ آئے۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے علاقے کے عمائدین اور مقامی افراد سے بھی ملاقات کی اور ان کے مسائل سنے۔

بقیہ نمبر 23

نے حضور ﷺ کی بارگاہ میں گلہائے عقیدت پیش کیے اور علماء کرام نے سیرت طیبہ پر روشنی ڈالی۔ 69 خوش نصیب میں عمرے کے ٹکٹ تقسیم کیے گئے، جبکہ 25 خواتین میں بھی عمرے کے ٹکٹ دیئے گئے۔ آخر میں ملک و قوم کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ نمبر 24

ایک ماہ قبل اپنے ڈیرے پر فائرنگ کر کے زویا کو قتل کیا تھا۔ مقتولہ کے شوہر اور ورثا کے باوجود پولیس نے اپنی مدعیت میں مقدمہ درج کیا۔ ورثا نے الزام عائد کیا ہے کہ پولیس کی ناقص تفتیش اور مقدمے میں پولیس کی مدعیت کے باعث مبینہ قاتل ایک ماہ میں رہا ہو گیا۔ ورثا نے پولیس پر بھاری رشوت لینے کا الزام بھی عائد کیا ہے۔ ان کے مطابق رہائی کے بعد مبینہ ملزم کا گل پاشی اور درجنوں گاڑیوں کے جلوس کے ساتھ علاقے میں استقبال کیا گیا، جس پر ورثا نے احتجاج کیا۔

بقیہ نمبر 25

رشتے پر قائم ہیں دونوں ممالک کے عوام نے ہر مشکل گھڑی اور آزمائش میں ایک دوسرے کا بھرپور ساتھ دیا۔ انہوں نے صدر رجب طیب اردوان کی بصیرت افروز قیادت کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی رہنمائی میں ترکی نے تعمیر و ترقی اور عالمی استحکام میں مثالی کامیابیاں حاصل کیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات تاریخی برادرانہ محبت اور باہمی اعتماد کی لازوال داستان ہیں جن پر دونوں اقوام کو ہمیشہ فخر رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ دونوں برادر ممالک کے عوام ہر مشکل گھڑی میں ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے رہے ہیں اور یہ دوستی وقت کی ہر آزمائش پر پوری اتری ہے۔

بقیہ نمبر 26

پر تنقید کرتے ہوئے غور کرنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کے پی میں گورنر بے پی ٹی آئی کا ہوتا تو مولانا گورنر راج کو غلط قرار نہ دیتے پی ٹی آئی نے 13 سال میں صوبے کی بہتری دہشت گردی کے خاتمہ کے لئے کچھ کیا ہوتا تو حالات ایسے نہ ہوتے حکومت اور پاک فوج دہشت گردی کا مقابلہ کر رہی ہیں جبکہ پی ٹی آئی اور مولانا ذاتی معاملات پر لفظی جنگ لڑ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مولانا ایک زیرک سیاستدان ہیں انہیں مل بیٹھ کر اپنا کردار ادا کرنا چاہئے۔

بقیہ نمبر 27

اور موقع سے فرار ہو گئے پولیس نے واقعہ کا مقدمہ درج کر کے نامعلوم ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔

بقیہ نمبر 28

موسمیاتی تبدیلی کی فریقین کی 31 ویں کانفرنس (کوپ 31) سے قبل پری کانفرنس ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، جس میں سرکاری حکام، سرمایہ کاروں، ماحولیاتی ماہرین اور مختلف متعلقہ شعبوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 29

استعمال کی اشیا خصوصاً سبزیاں، دالوں، آٹے، چینی، گھی اور دودھ کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے عام آدمی کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو قابو میں لانے، ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت کارروائی کرنے اور صوبوں میں قیمتوں کا توازن برقرار رکھنے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں تاکہ عوام کو حقیقی ریلیف مل سکے۔ کرپشن، منافع خور مافیا کی پشت پناہی اور ناقص حکمت عملی نے معیشت کو مفلوج کر دیا ہے۔ عوام اب زبانی دعووں کے بجائے عملی ریلیف چاہتے ہیں

بقیہ نمبر 30

استنبول میں ترک پارلیمنٹیرینز کی جانب سے اپنے اعزاز میں دیے گئے استقبالیے سے خطاب کر رہے تھے۔

بقیہ نمبر 31

تنازعات کے حل کے لیے مؤثر کردار ادا کرے۔ اپنے حق خود ارادیت کے لیے دہائیوں سے بے مثال قربانیاں پیش کیں۔ جب بھارت نے جموں و کشمیر پر غاصبانہ قبضہ کر کے بین الاقوامی قوانین، اخلاقی اصولوں اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی کی۔ یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں انہوں نے کہا کہ بھارتی افواج کا سری نگر میں داخلہ اور غیر قانونی قبضہ کشمیری عوام کی خواہشات کے منافی اور ظلم و جبر کی ایک ایسی داستان کا آغاز تھا جسے تاریخ کبھی بھول نہیں سکتی انہوں نے کہا کہ 15 اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے آئین کے آرٹیکل 370 اور 35۔اے کی تنسیخ کشمیریوں کی شناخت اور خود مختاری چھیننے کی ایک مذموم کوشش تھی جو اقوام متحدہ کی قراردادوں اور بین الاقوامی قانون کی صریح خلاف ورزی ہے۔

بقیہ نمبر 32

سال کے پہلے چار ماہ، جولائی سے اکتوبر کے دوران مجموعی طور پر 4 ہزار 58 ارب 50 کروڑ روپے ٹیکس جمع کیا گیا، اس مدت کے لیے 4 ہزار 185 ارب روپے کا ہدف مقرر تھا۔ اس طرح چار ماہ کی ٹیکس وصولیاں بھی مقررہ ہدف سے 126 ارب 50 کروڑ روپے کم رہیں۔

بقیہ نمبر 33

لیے اقدامات اٹھائے جائیں کشمیری عوام کا قتل عام بند، گرفتار حریت رہنماؤں اور سیاسی کارکنوں کو فوری رہا کیا جائے لداخ میں جاری فوجی آپریشن اور کرفیو ختم کیا جائے۔

بقیہ نمبر 34

کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے اپنے بیان میں کہا کہ حیسکو اور سیپکو سڑکوں پر قائم بجلی کے کھمبوں کی منتقلی کے لیے معاوضہ ادا کیا جا چکا ہے، اس کے باوجود زیر تعمیر سڑکوں سے کھمبے نہیں ہٹائے جا رہے۔ انہوں نے بتایا کہ سکھر میں سڑک سے بجلی کے کھمبے منتقل کرنے کے لیے پانچ سال قبل ادائیگی کی گئی تھی، لیکن آج تک یہ کام مکمل نہیں ہو سکا۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ حیسکو، سیپکو، کے الیکٹرک، سوئی سدرن گیس اور دیگر متعلقہ یوٹیلیٹی اداروں کو اپنی ذمہ داریاں پوری کرنا ہوں گی۔ سندھ حکومت عوامی ترقیاتی منصوبوں پر خطیر رقم خرچ کر رہی ہے، تاہم وفاق کے ماتحت اداروں کی جانب سے یوٹیلیٹی تنصیبات کی منتقلی میں تاخیر منصوبوں کی بروقت تکمیل میں رکاوٹ بن رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سڑکوں پر موجود بجلی کے کھمبے نہ صرف ٹریفک کی روانی متاثر کر رہے ہیں بلکہ حادثات کا سبب بھی بن رہے ہیں۔ اسی طرح دیگر یوٹیلیٹی تنصیبات بھی سڑکوں کی تعمیر اور توسیع کے کام میں رکاوٹ بن رہی ہیں۔ معاوضے کی ادائیگی کے باوجود کھمبوں اور دیگر تنصیبات کی منتقلی نہ ہونا سمجھ سے بالاتر ہے، متعلقہ اداروں کو اس معاملے پر فوری پیش رفت کرنا ہوگی۔ سینئر وزیر نے کہا کہ ریڈ لائن منصوبے میں تاخیر کی اہم وجوہات میں یوٹیلیٹی تنصیبات اور بجلی کے کھمبوں کو متبادل مقامات پر منتقل کرنے میں تاخیر بھی شامل رہی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کی راہ میں حائل بجلی، گیس اور دیگر یوٹیلیٹی تنصیبات کی منتقلی متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے۔ شرجیل انعام میمن کا کہنا تھا کہ سندھ حکومت عوامی مفاد کے منصوبوں کی تکمیل کے لیے تمام ضروری اقدامات کر رہی ہے، وفاقی یوٹیلیٹی اداروں کو بھی اپنا کردار ادا کرنا چاہیے تاکہ صوبے میں ترقیاتی کاموں کی رفتار متاثر نہ ہو۔ انہوں نے متعلقہ اداروں پر زور دیا کہ سڑکوں پر قائم بجلی کے کھمبوں اور دیگر یوٹیلیٹی تنصیبات کی منتقلی کا عمل فوری طور پر مکمل کیا جائے۔

بقیہ نمبر 35

عام آدمی کا جینا دوبھر کر دیا ہے غریب عوام بے لگام مہنگائی اور ایل پی جی گیس کی قیمتوں سے پریشان ہے ان لیگی وفاقی و صوبائی حکومت کی ناکام معاشی پالیسیوں اور انتظامی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے حکمران عوامی مسائل سے غافل اور اپنی سیاسی لڑائیوں میں مصروف ہیں جبکہ بجلی، گیس اور پیٹرول کے بڑھتے ہوئے نرخ عوام پر مزید بوجھ ڈالا جا رہا ہے اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو قابو میں لانے، ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت کارروائی کرنے اور صوبوں میں قیمتوں کا توازن برقرار رکھنے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں تاکہ عوام کو حقیقی ریلیف مل سکے۔ پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صوبائی نائب صدر چوہدری ارشد جٹ نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو قابو میں لانے، ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت کارروائی کرنے اور صوبوں میں قیمتوں کا توازن برقرار رکھنے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں تاکہ عوام کو حقیقی ریلیف مل سکے۔ کرپشن، منافع خور مافیا کی پشت پناہی اور ناقص حکمت عملی نے معیشت کو مفلوج کر دیا ہے۔ عوام اب زبانی دعووں کے بجائے عملی ریلیف چاہتے ہیں

عاق نامہ

میں اپنے حقیقی بیٹے آصف عرف جانی ولد یوسف مسیح کو بوجہ نافرمانی گستاخی اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں آئندہ میں اور میرے تمام اہل خانہ اس کے کسی بھی قول و فعل پالیسی دین کے ذمہ دار نہ ہوں گے تمام سرکاری وغیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں ان سے لین دین کرنے والا اپنا نفع نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا

المشتہر: یوسف مسیح ولد اللہ رکھا سکنہ مکان نمبر P-555 گلی نمبر 14 محلہ کرسچن ٹاؤن فیصل آباد

بقیہ نمبر 36

چٹھہ، عہدیداران نے یوم سیاہ کے موقع پر کشمیری کی جدوجہد کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کیا۔ پیپلز پارٹی جڑانوالہ کے صدر رائے شہادت خاں کھرل جنرل سیکرٹری عرفان اکرم چٹھہ کہا ہے کہ ہم کشمیریوں کی لازوال قربانیوں اور دہائیوں سے جاری ان کی جدوجہد آزادی کو سلام پیش کرتے ہیں کشمیر کا مسئلہ صرف کشمیریوں کا نہیں

بقیہ نمبر 37

انڈسٹری عارف احسان ملک، نائب صدر میاں محمد سعید، محمد یسین اور ایگزیکٹو ممبران نے شرکت کی اور کاروباری طبقے کو درپیش مسائل اور مختلف تجاویز سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے چیمبر آف کامرس کے مسائل کے فوری حل کے لئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹر عادل عمر کو فوکل پرسن مقرر کرتے ہوئے کہا کہ بزنس کمیونٹی کے ساتھ مسلسل رابطہ رکھا جائے گا تاکہ ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل اور انتظامیہ و تاجر برادری کے درمیان اعتماد کو مزید مستحکم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لئے بیشتر این او سیز اور لائسنسز کے اجراء کا نظام آن لائن کیا جا چکا ہے تاکہ تاجروں کو مختلف سرکاری دفاتر کے بار بار چکر نہ لگانے پڑیں۔ معمولی نوعیت کی خلاف ورزیوں پر کاروباری مراکز کو سیل کرنے کے بجائے قانون کے مطابق مناسب اقدامات کئے جائیں گے جبکہ تجاوزات کے خلاف کارروائیوں میں بھی غیر منصفانہ طرز عمل سے گریز اور متاثرہ افراد کی شکایات کا ازالہ یقینی بنایا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ فیصل آباد میں واسا کے سیوریج اور فراہمی آب کے مسائل کے حل کے لئے اربوں روپے کی ترقیاتی سکیموں پر کام جاری ہے جبکہ میٹرو بس منصوبے کو دسمبر 2027 سے قبل مکمل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اسی طرح سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات کی بہتری کے لئے جامع اصلاحاتی منصوبوں پر بھی کام جاری ہے۔

بقیہ نمبر 38

جانوں کے المناک ضیاع پر گہرے دکھ اور سوگوار خاندانوں سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ کالعدم تنظیم جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کی پانچ ماہ سے جاری دہشت گردی، دھمکیوں اور پرتشدد کارروائیوں نے عوام کو شدید مصائب کا شکار کر دیا ہے۔ وزیراعظم آزاد جموں و کشمیر افتخار گیلانی نے کہا کہ شہریوں کو نشانہ بنانے اور امن تباہ کرنے پر کالعدم JAAC اور اس کے سہولت کاروں کا کڑا احتساب کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ عوام امن، سلامتی اور معمول کی زندگی کے حقدار ہیں، حکومت آزاد کشمیر اپنے شہریوں کے ساتھ مضبوطی سے کھڑی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت جانوں کے تحفظ، قانون کی حکمرانی کی بحالی اور ہر شہری کے حقوق کی پاسداری کے لیے تمام ضروری اقدامات اٹھائے گی۔

بقیہ نمبر 39

کھوئی ہوئی عظمت رفتہ کی بحالی چاہتے ہیں تو انہیں اپنے تمام تر اختلافات کو پس پشت ڈال کر متحد و متفق ہو کر ایک مشترکہ پلیٹ فارم سے اسلام دشمنوں کا مقابلہ کرنا ہوگا۔

بقیہ نمبر 40

کہا کہ 27 اکتوبر 1947 کو بھارت نے جموں و کشمیر پر غیر قانونی قبضہ کیا، بھارت کا یہ غاصبانہ عمل کشمیری عوام کے حق خود ارادیت پر ایک براہ راست حملہ تھا۔ نے کہا کہ اس المناک دن پر، میں اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام نے ثابت کیا کہ وہ بھارتی جبر کو قبول نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری اس دیرینہ تنازعہ کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حل کروائے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر کا مسئلہ صرف کشمیریوں کا نہیں، بلکہ انسانیت اور عالمی انصاف کا مسئلہ ہے، اللہ تعالیٰ کشمیری عوام کو جلد آزادی کی نعمت سے سرفراز فرمائے۔

بقیہ نمبر 41

صفیر احمد اعوان، شیخ یاسین، ندیم غفاری، سردار عمران، اور عتیق قریشی، ملک طاہر پپو، ملک جاوید مشتاق ماگھا، شیخ محمد یاسین سمیت دیگر عہدیداران نے شرکت کی۔ اس موقع پر شعبہ خواتین کی صدر شازیہ حسین، میڈم رفعت انجم بھی خصوصی طور پر شریک ہوئیں۔ اجلاس میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ بلدیاتی انتخابات میں بھرپور تیاری کے ساتھ حصہ لیا جائے گا اور ہر یونین کونسل کی سطح پر پارٹی کو مزید مضبوط اور فعال کیا جائے گا۔ تقریب شرکا نے بلدیاتی الیکشن میں پاکستان پیپلز پارٹی کی کامیابی کے لیے مل کر جدوجہد جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ آخر میں تمام عہدیداران نے سٹی صدر رانا نعیم دستگیر کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 42

ساتھ سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھیں گے۔

بقیہ نمبر 43

معاملے پر کسی قسم کی سودے بازی یا سمجھوتہ قبول نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ اس وقت سنگین مسائل اور مشکلات سے دوچار ہے، لیکن حکومت مہنگائی اور دیگر بحرانوں پر قابو پانے کے بجائے عوام کی توجہ اصل مسائل سے ہٹانے کی کوشش کر رہی ہے۔ لاڑکانہ بار ایسوسی ایشن کے دورے کے موقع پر وکلا برادری سے اظہار یکجہتی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عامر نواز وڑائچ نے کہا کہ گھریلو استعمال کی ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف احتجاجی ریلی نکال کر حکومت سے مطالبہ کیا گیا تھا کہ گیس سرکاری مقررہ نرخوں پر فروخت کی جائے تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے اور ان میں پائی جانے والی بے چینی کا خاتمہ ہو، تاہم حکومت تا حال قیمتیں واپس لینے میں ناکام رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دوسری جانب پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بھی آسمان سے باتیں کر رہی ہیں، جس کے باعث عام شہری شدید معاشی مشکلات اور پریشانی کا شکار ہیں، لیکن حکومت کو عوام کی مشکلات کا احساس نہیں۔ مہنگائی نے پہلے ہی لوگوں کی زندگی اجیرن بنا رکھی ہے اور ضروریات زندگی کی قیمتوں میں اضافے نے عوام کی مشکلات مزید بڑھا دی ہیں۔ کراچی بار ایسوسی ایشن کے صدر نے جمہوری نظام کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ جمہوریت خواہ کتنی ہی کمزور یا خامیوں کا شکار کیوں نہ ہو، پھر بھی یہ عوام کے حق میں ہے۔ جمہوری نظام کو ختم کر کے منی مارشل لا جیسا طرز عمل اختیار کرنا کسی صورت ملک اور عوام کے مفاد میں نہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج ختم کر کے جمہوری عمل بحال کیا جائے۔ مولانا فضل الرحمن اور حکومت کے درمیان کشیدگی سے متعلق سوال پر عامر نواز وڑائچ نے کہا کہ جب بھی کوئی شخص آزادانہ طور پر اپنی رائے کا اظہار کرتا ہے تو حکومتی حلقوں کی جانب سے اس کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی جاتی ہیں اور اسے حاصل مراعات واپس لینے جیسے اقدامات کیے جاتے ہیں۔ ان کے بقول حکومت نے مولانا فضل الرحمن کے معاملے کو ذاتی مسئلہ بنا لیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس سے قبل علامہ ساجد نقوی کے ساتھ بھی اسی نوعیت کا رویہ اختیار کیا گیا اور مبینہ طور پر انتقامی کارروائی کے تحت ان کے گھر کو مسمار کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ حکومتی ہدایات کے مطابق چلتے ہیں، ان سے بڑی سے بڑی غلطی بھی ہو جائے تو ان کے خلاف کارروائی نہیں ہوتی، جبکہ حکومتی دباؤ قبول نہ کرنے اور آزادانہ رائے کا اظہار کرنے والوں کو کارروائیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

بعدالت جناب آمنہ آصف بٹ صاحبہ جج گارڈین کورٹ لاہور

درخواست زیر دفعہ سیکشن 12&7 گارڈین اینڈ وارڈ ایکٹ 1890 وغیرہ

عنوان: ظفر اقبال بنام مسماۃ گلینہ بی بی وغیرہ

ظفر اقبال ولد محمد بوٹا سکنہ مکان نمبر 58 گلی نمبر 5-B محلہ شادین پارک، لاہور تحصیل کینٹ ضلع لاہور۔

اشتہار اخبار بنام: 2۔عوام الناس

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ تعمیل سمن کے بارے میں گریزاں ہیں ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 16.11.2026 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب آصف بشیر صاحب جج گارڈین کورٹ لاہور

درخواست زیر دفعہ 7 گارڈین اینڈ وارڈ ایکٹ وغیرہ

عنوان: راشدہ پروین بنام عوام الناس وغیرہ

راشدہ پروین بیوہ محمد اصغر (متوفی) سکنہ پوسٹ آفس خاص چک نمبر 39 SP، تحصیل و ضلع پاکپتن۔

اشتہار اخبار بنام: 1۔عوام الناس وغیرہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ تعمیل سمن کے بارے میں گریزاں ہیں ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 14.11.2026 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب یمنہ کامران صاحبہ جج فیملی کورٹ لاہور

دعویٰ تنسیخ نکاح وغیرہ

عنوان: فضا فراز وغیرہ بنام عبدالمتین

اشتہار اخبار بنام: عبدالمتین ولد محمد خالد ذوق سکنہ مکان نمبر B 240، نیو شالیمار ہاؤسنگ سکیم سلامت پورہ لاہور۔ موبائل نمبر: 0309-8854498 0315-5566805

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ تعمیل سمن کے بارے میں گریزاں ہیں ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 13.11.2026 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا۔ 28

CamScanner

ستارعۂ کشمیر خطے کے عوام اور عالمی امن کیلئے مستقل خطرہ ہے، محمد علی بخاری

کشمیری عوام ظلم، جبر، تشدد اور بربریت کے باوجود اپنے بنیادی حق آزادی اور حق خودارادیت کے لیے مسلسل جدوجہد کر رہے ہیں

سیاسی آزادیوں کو سلب کیا، اظہار رائے پر پابندیاں عائد کیں اور کشمیریوں کو ان کے بنیادی حقوق سے محروم رکھا

شاہد بیگ

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) مسلم لیگ ن سٹی کے سابق جنرل سیکرٹری شاہد محمود بیگ اور ممبر سنٹرل کونسل سید محمد علی بخاری نے یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ بھارت گزشتہ کئی دہائیوں سے مقبوضہ کشمیر پر غیر قانونی تسلط قائم کیے ہوئے ہے اور کشمیری عوام ظلم، جبر، تشدد اور بربریت کے باوجود اپنے بنیادی حق آزادی اور حق خود ارادیت کے لیے مسلسل جدوجہد کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پوری پاکستانی قوم اور دنیا بھر میں آباد مسلمان کشمیری عوام کے ساتھ کھڑی ہے۔ کشمیری عوام نے اپنے خون اور قربانیوں سے آزادی کی تحریک کو زندہ رکھا ہے۔ بھارت نے مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں کی ہیں، سیاسی آزادیوں کو سلب کیا، اظہار رائے پر پابندیاں عائد کیں اور کشمیریوں کو ان کے بنیادی حقوق سے محروم رکھا۔ بھارتی ریاستی جبر اور بربریت کے باوجود کشمیری عوام کے جذبہ حریت کو ختم نہیں کیا جا سکا۔ اپنے مشترکہ بیان میں دونوں لیگی رہنماں نے کہا کہ کشمیر ہماری شہ رگ ہے اور پاکستان کسی صورت کشمیر سے دستبردار نہیں ہوگا۔ پاکستان کے عوام کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 42)

ہدایت الصاری کا مریم نواز شریف کی قیادت میں ترقیاتی کاموں پر اظہار اطمینان

وزیراعظم میاں شہباز شریف پالیسی سے معیشت میں بہتری کے ثمرات عوام تک منتقل ہونا شروع ہوگئے

گندم کے سرکاری نرخوں میں اضافے سے کسانوں کو بڑا فائدہ ہوگا، گندم کی قیمت مقرر ہونے پر کسان خوشحال ہوں گے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سابق سی سی جیئر مین و رہنما پاکستان مسلم لیگ ن حاجی ہدایت علی انصاری نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ مشرق وسطی میں کشیدگی کی وجہ سے پوری دنیا میں مہنگائی ہے جب کشیدگی ختم ہوگی تو مہنگائی ازخود ختم ہو جائے گی ایسے حالات کے باوجود حکومت پٹرول کی قیمت میں مڈل کلاس طبقے کو اربوں روپے کی سبسڈی دے رہی ہے - جاری بیان میں ان کا کہنا تھا کہ وزیراعظم میاں شہباز شریف پالیسی سے معیشت میں بہتری کے ثمرات عوام تک منتقل ہونا شروع ہوگئے، گندم کے سرکاری نرخوں میں اضافے سے کسانوں کو بڑا فائدہ ہوگا۔ گندم کی قیمت مقرر ہونے پر کسان خوشحال ہوں گے دوسری طرف وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ہر سطح پر عوام کو انصاف پر مبنی سہولتوں کی فراہمی ترقیاتی منصوبوں پر کام اور دیگر اقدامات کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کے پی کے میں پی ٹی آئی کے 13 سالہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 20)



فیصل آباد۔ صوبائی پارلیمانی سیکرٹری زراعت اسامہ لغاری، سیکرٹری زراعت پنجاب میاں شکیل احمد اور کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ کے ہمراہ کمشنر آفس میں گندم کی کاشت کے حوالے سے منعقدہ اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فیصل آباد ڈویژن میں 18 لاکھ 60 ہزار ایکڑ پر گندم کی کاشت جاری

کاشت کا ہدف 100 فیصد سے زائد کرنے، کسانوں کو سہولیات دینے کا عزم، کمشنر عمران حامد شیخ

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق فیصل آباد ڈویژن میں 18 لاکھ 60 ہزار ایکڑ رقبہ پر گندم کی کاشت کی جا رہی ہے جبکہ اپنا کمیت اپنا روزگار کی 7206، ایکڑ پر بھی گندم کاشت کی جائے گی۔ فیصل آباد ڈویژن میں گندم کی کاشت ہدف سے زیادہ، کسانوں کی مسلسل رہنمائی، نہری پانی کی ٹیل تک فراہمی، ملاوٹ سے پاک مقررہ نرخوں پر کھاد و بیج کی دستیابی یقینی بنانے کے لئے اہداف تفویض ہیں۔ گندم کی کاشت کے حوالے سے اہم اجلاس کمشنر آفس میں منعقد ہوا۔ صوبائی پارلیمانی سیکرٹری زراعت اسامہ لغاری نے سیکرٹری زراعت پنجاب میاں شکیل احمد، کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ کے ہمراہ صدارت کی۔

کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھیں گے

کشمیر کا مسئلہ عالمی انصاف اور انسانیت کا مسئلہ ہے، رانا فقیر حسین

فیصل آباد (پ ر) معروف تاجر راہنما رانا فقیر حسین آف عثمانیہ ہوٹل کشمیری عوام کی ثابت قدمی اور انصاف کے لیے غیر متزلزل عزم ہمارے لیے مشعل راہ ہے، ہم کشمیری عوام کی منصفانہ جدوجہد کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھیں گے، اقوام متحدہ کو غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لینا چاہئے ہم کشمیریوں کی لازوال قربانیوں اور دہائیوں سے جاری ان کی جدوجہد آزادی کو سلام پیش کرتے ہیں کشمیر کا مسئلہ صرف کشمیریوں کا نہیں، بلکہ انسانیت اور عالمی انصاف کا مسئلہ ہے 27 اکتوبر ہمیں بھارتی غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر کے عوام پر ڈھائے جانے والے مظالم کی یاد دلاتا ہے، کشمیری عوام کی منصفانہ جدوجہد کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھیں گے۔ انہوں نے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 40)

گلگت بلتستان کا 79 واں یوم آزادی، بلاول بھٹو کی عوام کو مبارکباد، جمہوری و آئینی حقوق اور ترقی کے یکساں مواقع دینے پر زور

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے گلگت بلتستان کے 79 ویں یوم آزادی کے موقع پر خطے کے عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یکم نومبر گلگت بلتستان کی تاریخ کا روشن اور یادگار دن ہے،

پیپلز پارٹی سٹی کا بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے ملک ذوالفقار کی رہائش گاہ پر اہم اجلاس

شرکا نے بلدیاتی الیکشن پاکستان پیپلز پارٹی کی کامیابی کے لیے مل کر جدوجہد جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سٹی صدر رانا نعیم دستگیر کی ہدایت پر پاکستان پیپلز پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر ملک ذوالفقار کی رہائش گاہ پر بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے ایک اہم اجلاس سنیئر نائب صدر شیخ محمد اسلام کی زیر صدارت منعقد ہوا ۔ اجلاس میں پارٹی عہدیداران نے آئندہ بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے حکمت عملی، تنظیمی امور اور انتخابی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اجلاس میں شریک رہنماں میں سینئر نائب صدر شیخ اسلام، ڈپٹی جنرل سیکرٹری افتخار حلیم رضا، ٹکٹ ہولڈر نعیم یعقوب گل، (باقی صفحہ اندرونی نمبر 41)



فیصل آباد: چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں فرنیچر اینڈ انٹیریئر ایسوسی ایشن کی تقریب کے بعد میاں جاوید اقبال، صدر چیمبر عارف احسان ملک، آرگنائزر رانا تنویر حسین، انجینئر ظہیر چیمہ، رانا سکندر اعظم، میاں سعید، حاجی یٰسین، شفیق چوہدری، مرزا فضل، ڈاکٹر رانا اظہار، چوہدری بلال وہلہ، رانا اشفاق، ملک امتیاز، میاں انور، سعید اقبال، ملک اقبال، ملک ظفر کا گروپ فوٹو

کاروباری مراکز کو معمولی خلاف ورزیوں پر سیل نہ کرنے کا فیصلہ

ڈپٹی کمشنر نعمان صدیق نے تاجروں کے مسائل کیلئے نوڈل پرسن مقرر کر دیا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) بزنس کمیونٹی کی عزت و احترام، کاروباری آسانیوں کی فراہمی اور صنعتی و تجارتی سرگرمیوں کا فروغ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ کاروباری طبقے کو درپیش مسائل کے حل اور کاروبار دوست ماحول کی فراہمی کے لئے رکاوٹیں دور کی جا رہی ہیں جبکہ معمولی خلاف ورزیوں پر فیکٹریوں اور کاروباری مراکز کو سیل کرنے جیسے سخت اقدامات کی حوصلہ شکنی کی گئی ہے۔ یہ بات ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق نے فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے دورہ کے دوران بزنس کمیونٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ صدر چیمبر آف کامرس اینڈ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 37)

باغ میں پر تشدد واقعات پر وزیراعظم آزاد کشمیر کا سخت ردعمل، ملوث افراد کے کڑے احتساب کا عندیہ

مظفر آباد (این این آئی) آزاد کشمیر حکومت نے باغ میں ہونے والے پر تشدد واقعات کا ذمہ دار کالعدم جوائنٹ عوامی ایکشن کو قرار دیتے ہوئے معصوم جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم آزاد جموں کشمیر افتخار گیلانی نے ایک پیغام میں باغ میں معصوم (باقی صفحہ اندرونی نمبر 38)

وزیراعلیٰ گلگت بلتستان کا پی ایچ کیو ہسپتال کے چائلڈ بلاک کا دورہ، بچوں کے علاج کے لیے فوری وینٹی لیٹرز فراہم کرنے کی ہدایت

گلگت (این این آئی) وزیراعلیٰ گلگت بلتستان امجد حسین نے پی ایچ کیو ہسپتال گلگت کے چائلڈ بلاک کا دورہ کیا اور زیر علاج بچوں اور ان کے لواحقین سے ملاقات کر کے انہیں درپیش مسائل دریافت کیے۔ انہوں نے مسائل کے فوری حل کے لیے موقع پر متعلقہ حکام کو ضروری (باقی صفحہ اندرونی نمبر 22)

خانہ بدوش بچوں کی تعلیم و تربیت کے لئے بھرپور اقدامات کرتے رہیں گے

فیصل آباد ڈویژن میں جتنے بھی خانہ بدوش ہیں ان کو علم و ہنر سے آراستہ کر کے قومی دھارے میں شامل کریں

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) روٹری کلب آف لائلپور کے بورڈ آف گورنر کے زیر اہتمام صدر روٹیرین جنید محمود بیگ کی قیادت میں تین رکنی وفد نے جنگی ماڈل سکول عبدالقدیر کیمپس جھنگ روڈ فیصل آباد کا دورہ کیا۔ اس وفد میں سیکرٹری روٹیرین سید محمد شرجیل اور فنانس سیکرٹری روٹیرین حبیب الرحمن گل شامل تھے۔ وفد نے جنگی ماڈل سکول کے مختلف حصوں کا وزٹ کیا۔ چیئرمین جنگی تعلیمی فاؤنڈیشن مہشر حسین چاند سے ملاقات کے دوران خانہ بدوش طلبہ و طالبات کے مسائل پر بات چیت کی۔ حسب وعدہ جنگی ماڈل سکول عبدالقدیر کیمپس جھنگ روڈ فیصل آباد کے لئے مبلغ دو لاکھ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 21)

دھوبی گھاٹ گراؤنڈ میں سالانہ محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ کا روح پرور انعقاد

آخر میں ملک و قوم کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی گئی

فیصل آباد (پ ر) فیصل آباد کے تاریخی دھوبی گھاٹ گراؤنڈ میں بانی محفل فیصل نواب آف یو کے کی جانب سے زیر نگرانی شاہد یوسف زئی خان منعقدہ سالانہ عظیم الشان محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منعقد ہوئی۔ محفل پاک کی صدارت اور اختتامی دعا کے فرائض صاحبزادہ پیر محمد احسان حبیب الرحمن آستانہ عالیہ عیدگاہ شریف نے سرانجام دیے۔ اس روح پرور محفل میں مہمانان گرامی حاجی محمد اکرم انصاری، خواجہ سلام، الحاج منیر احمد نورانی، ناصر نقشبندی، پیر سٹر اسد عباس سمیت عاشقان رسول ﷺ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ محفل پاک میں نعت خوانوں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 23)

مظفر گڑھ، جنسی زیادتی میں ناکامی پر 25 سالہ لڑکی کو قتل کرنے والا ملزم ایک ماہ میں رہا ہو گیا

مظفر گڑھ (این این آئی) ضلع مظفر گڑھ میں شاہ جمال کے علاقے مانکا بھٹہ میں 25 سالہ زویا کو مبینہ طور پر زیادتی میں ناکامی پر قتل کرنے والا ملزم ایک ماہ میں رہا ہو گیا۔ مقتولہ کے شوہر صابر کھوکھر کے مطابق زمیندار نے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 24)

مسلم امہ کے اتحاد کیلئے اختلافات بھلا کر مشترکہ حکمت عملی اپنانا ضروری ہے

15 نومبر کو مینار پاکستان میں آل پاکستان اہلحدیث کانفرنس ہوگی، علامہ عبدالرشید حجازی



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان علامہ عبدالرشید حجازی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت کی کاوشوں سے سعودی عرب، ترکی اور ایران کا ایک ساتھ بیٹھنا انتہائی مسرت و خوشی کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم امہ کو درپیش مسائل کے بہترین حل کے لیے، باہمی اتفاق و اتحاد اور مشترکہ حکمت عملی وقت کی ضرورت ہے۔ اگر مسلمان دنیا بھر میں اپنی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 39)

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

سڑکوں سے بجلی کے کھمبے اور یوٹیلیٹی تنصیبات فوری ہٹائی جائیں، سندھ حکومت کا وفاقی اداروں سے مطالبہ

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے وفاق کے ماتحت یوٹیلیٹی اداروں سے سڑکوں کی تعمیر اور توسیع میں رکاوٹ بننے والی بجلی، گیس اور دیگر تنصیبات فوری طور پر منتقل کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ متعلقہ اداروں کی غفلت اور تاخیر کے باعث صوبے میں عوامی ترقیاتی منصوبے متاثر ہو رہے ہیں۔ سندھ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 34)

کشمیر پر بھارتی قبضہ غیر قانونی اور انسانی المیے کو ظہار ہا ہے، ادریس

اگر بھارت آج کے دن کشمیر میں نام نہاد الحاق کی آڑ لے کر فوجیں نہ اتارتا اور لاکھوں کشمیری ہجرت کرنے پر مجبور نہ ہوتے

کشمیری عوام کا قتل عام بند کر قید رہنماں اور سیاسی کارکنوں کو فوری رہا کیا جائے لداخ میں جاری فوجی آپریشن اور کریک ڈاؤن ختم کیا جائے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) صدر گول کلاتھ ایسوسی ایشن شیخ محمد ادریس نے کہا ہے کہ کشمیری عوام گزشتہ سات دہائیوں سے تسلیم شدہ حق خودارادیت کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں اگر بھارت آج کے دن کشمیر میں نام نہاد الحاق کی آڑ لے کر فوجیں نہ اتارتا اور لاکھوں کشمیری ہجرت کرنے پر مجبور نہ ہوتے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بھارت فوجی طاقت اور بے رحمانہ جارحیت قتل و غارتگری کے ذریعے ریاست پر زیادہ دیر قبضہ نہیں کر سکتا اسے جلد یا بدیر ریاست سے اپنا بوریا بستر گول کرنا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ اقوام عالم سلامتی کونسل جموں کشمیر کے عوام سے کیا وعدہ پورا کرے غیر مشروط حق خودارادیت دینے کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 33)

ایف بی آر کو اکتوبر میں 157 ارب روپے کے ٹیکس شارٹ فال کا سامنا

ایف بی آر نے اکتوبر کے پہلے 30 روز میں 975 ارب روپے کے ٹیکس محصولات جمع کیے

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کو ماہ اکتوبر میں ٹیکس وصولیوں کے مقررہ ہدف کے مقابلے میں 157 ارب روپے کے شارٹ فال کا سامنا ہے۔ ذرائع کے مطابق ایف بی آر نے اکتوبر کے پہلے 30 روز میں 975 ارب روپے کے ٹیکس محصولات جمع کیے، ماہانہ وصولیوں کا ہدف ایک ہزار 132 ارب روپے مقرر تھا۔ ذرائع ایف بی آر کے مطابق 31 اکتوبر کو مزید 25 سے 30 ارب روپے ٹیکس وصول ہونے کی توقع ہے۔ ٹیکس وصولیوں کا ہدف پورا کرنے کے لیے ایف بی آر کے دفاتر آج بھی کھلے رہیں گے۔ دوسری جانب مالی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 32)

امت مسلمہ کا مستقبل علم، کردار اور اتحاد سے وابستہ ہے، حافظ نعیم الرحمٰن

غزہ عالمی ضمیر کا امتحان، مسلم دنیا کو مظلومیت کے احساس سے نکل کر عملی متبادل پیش کرنا ہوگا



استنبول (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ امت مسلمہ کا مستقبل مایوسی، خوف اور تقسیم کے سامنے ہتھیار ڈالنے کے بجائے علم، کردار، خوداحتادی اور عملی جدوجہد کا راستہ اختیار کرنے والے نوجوان تعمیر کریں گے، مسلم دنیا کو اپنے تاریخی ورثے سے رہنمائی لیتے ہوئے موجودہ عالمی بحرانوں کا مقابلہ کرنے کے لیے ٹھوس اور قابل عمل متبادل پیش کرنا ہوں گے۔ وہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 30)

کشمیری عوام کی حق خودارادیت کی جدوجہد دبائی نہیں جا سکتی

مقبوضہ کشمیر اور فلسطین میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں تشویشناک ہیں، پیپلز لیبر بیورو عہدیداران

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پیپلز لیبر بیورو کے ڈویژنل جنرل سیکرٹری لال حسین راشد، پی ایل پی کے سٹی صدر سید علی اکبر کاظمی چندے شاہ، سٹی جنرل سیکرٹری ملک عمر حیات سینئر نائب صدر رانا غلام مصطفیٰ، نائب صدر شاہ اقبال فریدی، رانا مزمل حسین و دیگر عہدیداران نے کہا ہے کہ مظلوم کشمیریوں کے حق خودارادیت کی بنیادی جدوجہد کو دبایا نہیں جا سکتا پاکستان و کشمیر لازم و ملزم ہیں ان کی قربانیاں ضرور رنگ لائے گی کشمیری عوام بھارتی قبضے کے خلاف مسلسل جدوجہد کر رہے ہیں بدقسمتی سے دنیا اس وقت تنازعات کا شکار ہے اقوام متحدہ کی نااہلی اور سلامتی کونسل کی جانب سے انصاف کے دہرے معیار سے امن قائم نہیں ہو سکتا، عالمی انصاف کی یکساں فراہمی کو یقینی بنانا ہوگا

کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی حمایت ہر سطح پر جاری رہے گی

بھارتی قبضہ اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں ناقابل قبول ہیں، سردار عثمان نواز باجوہ

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر NA 95 سردار عثمان نواز باجوہ، تحصیل صدر جھمرہ پی پی سردار علی نواز باجوہ و عہدیداران نے کشمیری شہدا اور رہنماں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کی غیر متزلزل حمایت کرتا ہے اور یہ حمایت ہر سطح پر جاری رہے گی۔ ان کی قربانیاں تاریخ میں سنہری حروف سے لکھی جائیں گی۔ اب وقت آ گیا ہے کہ عالمی برادری فلسطین، غزہ اور مقبوضہ جموں و کشمیر جیسے دیرینہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 31)

سندھ کے 13 کاربن منصوبوں سے 330.12 ملین ٹن اخراج میں کمی کی صلاحیت 62.15 ملین ڈالر کے 6 ترجیحی موسمیاتی منصوبے بھی تیار

کراچی (این این آئی) موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کم کرنے، ماحول کے تحفظ اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے کراچی سینٹر فار کلائمیٹ چینج اور کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) کے اشتراک سے اقوام متحدہ کے فریم ورک کنونشن برائے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 28)

فیصل آباد ستیانہ روڈ جھال پل کے قریب سٹیج اداکارہ ندا چوہدری کی گاڑی پر نامعلوم افراد کی مبینہ فائرنگ

فیصل آباد (آن لائن) فیصل آباد ستیانہ روڈ جھال پل کے قریب سٹیج اداکارہ ندا چوہدری کی گاڑی پر نامعلوم افراد کی مبینہ فائرنگ، فائرنگ سے گاڑی کا ٹائر برسٹ تاہم گاڑی میں سوار سٹیج اداکارہ اور اسکے بھائی محفوظ رہے نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے تھیٹر سے واپسی پر ندا چوہدری کی گاڑی پر فائرنگ کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 27)

LPG کی بڑھتی قیمتوں نے عام آدمی کو پریشان کر دیا، آصف سرفراز

بجلی، گیس اور پٹرول کے بڑھتے ہوئے نرخ عوام پر مزید بوجھ ڈالا جا رہا ہے ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے

ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت کارروائی کرنے اور صوبوں میں قیمتوں کا توازن برقرار رکھنے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) انجمن تاجران ریل بازار کے جنرل سیکرٹری و سینئر نائب صدر مرکزی صرافہ ایسوسی ایشن ریل بازار رانا محمد آصف سرفراز نے کہا ہے کہ غریب عوام بے لگام مہنگائی اور ایل پی جی گیس کی بڑھتی قیمتوں نے گھروں کے چولہے ٹھنڈے کر دیے جبکہ بجلی، گیس اور پٹرول کے بڑھتے ہوئے نرخ عوام پر مزید بوجھ ڈالا جا رہا ہے ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے شیائے ضروریہ کی قیمتوں کو قابو میں لانے، ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت کارروائی کرنے اور صوبوں میں قیمتوں کا توازن برقرار رکھنے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں تاکہ عوام کو حقیقی ریلیف مل سکے۔ روزمرہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 29)

فیصل آباد: دھوبی گھاٹ گراؤنڈ میں سالانہ محفل میلاد کے موقع پر بانی محفل فیصل نواب آف یو کے، شاہد یوسف زئی خان، صاحبزادہ پیر محمد احسان حبیب الرحمن، الحاج مفتی اکرم انصاری، خواجہ محمد اسلام، افتخار انصاری، منیر نورانی، ناصر نقشبندی، حاجی رمضان، شیخ وسیم الطاف، میاں شاہد و دیگر شریک ہیں

پیپلز پارٹی جڑانوالہ کا کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی، جدوجہد کو خراج تحسین

کشمیریوں کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھیں گے، رائے شہادت خاں کھرل



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) کشمیری عوام کی ثابت قدمی اور انصاف کے لیے غیر متزلزل عزم ہمارے لیے مشعل راہ ہے، ہم کشمیری عوام کی منصفانہ جدوجہد کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھیں گے، اقوام متحدہ کو غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لینا چاہئے ان خیالات کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی جڑانوالہ کے صدر رائے شہادت خاں کھرل جنرل سیکرٹری عرفان اکرم (باقی صفحہ اندرونی نمبر 36)

ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، ارشد جٹ

سوئی گیس بجلی اور ایل پی جی گیس کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے غریبوں کی مشکلات میں بے تحاشہ اضافہ کر دیا



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صوبائی نائب صدر چوہدری ارشد جٹ نے کہا ہے کہ ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے سوئی گیس بجلی اور ایل پی جی گیس کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے غریبوں کی مشکلات میں بے تحاشہ اضافہ کر دیا جس کی پیپلز پارٹی شدید مذمت کرتی ہے روزمرہ استعمال کی اشیا خصوصا سبزیاں، دالوں، آٹے، چینی بھی اور دودھ کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 35)

سیاست آئین کے دائرے میں ہونی چاہیے، عمر اسرار احمد

میاں نواز شریف اور میاں شہباز شریف نے ہمیشہ مولانا فضل الرحمان کی قدر کی ہے



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ ن کے رہنما پیر سٹر عمر احمد خان نے مولانا فضل الرحمان کے بیانات کو غیر منصفانہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ سیاست آئین کے دائرے میں ہونی چاہیے۔ اگر ریاست سے تحریکات میں سے کچھ نہیں مل سکا تو مسلم لیگ ن کیا کر سکتی ہے؟ ان کا کہنا تھا کہ میاں نواز شریف اور میاں شہباز شریف نے ہمیشہ مولانا فضل الرحمان کی قدر کی ہے انہیں حکومت اور پارٹی قیادت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 26)

ترکیہ نے ہر مشکل وقت میں پاکستان کا ساتھ دیا، شیراز کاہلوں

پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات، اخوت، محبت اور باہمی احترام کے لازوال رشتے پر قائم ہیں



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ نون کے رہنما اور سابق اپوزیشن لیڈر میٹرو پولیٹن کارپوریشن چوہدری شیراز کاہلوں نے یوم جمہوریہ کے پر مسرت موقع پر ترکیہ کی حکومت اور عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہے کہ یہ دن ترک قوم کی عظیم جدوجہد، پختہ عزم اور تاریخی قربانیوں کی یاد تازہ کرتا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات، اخوت، محبت اور باہمی احترام کے لازوال (باقی صفحہ اندرونی نمبر 25)

CamScanner